صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعة المبارک مورخہ 26 جون 2020ء بمطابق 04 ذی القعد 1441 ہجری بعد از دوپہر تین بجے منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، محمود جان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

ٱلرَّحۡمَـٰنُO عَلَّمَ ٱلۡقُرۡءَانَO خَلَقَ ٱلۡإِنسَـٰنَO عَلَّمَهُ ٱلۡبَيَانَO ٱلشَّمۡسُ وَٱلۡقَمَرُ بِحُسۡبَانٍO وَٱلنَّجۡمُ وَٱلشَّجَرُ يَسۡجُدَانِO وَٱلسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ ٱلۡمِيزَانَO أَلَّا تَطۡغَوۡاْ فِى ٱلۡمِيزَانِO وَأَقِيمُواْ ٱلۡوَزۡنَ بِٱلۡقِسۡطِ وَلَا تُخۡسِرُواْ ٱلۡمِيزَانَO وَٱلۡأَرۡضَ وَضَعَهَا لِلۡأَنَامِO فِيهَا فَـٰكِهَةٌ وَٱلنَّخۡلُ ذَاتُ ٱلۡأَكۡمَامِ۔

(ترجمہ): (خداجو) نہایت مہربان۔ اسی نے قرآن کی تعلیم فرمائی۔ اسی نے انسان کو پیدا کیا۔ اسی نے اس کو بولنا سکھایا۔ سورج اور چاند ایک حساب مقرر سے چل رہے ہیں۔ اور بوٹیاں اور درخت سجدہ کر رہے ہیں۔ اور اسی نے آسمان کو بلند کیا اور ترازو قائم کی۔ کہ ترازو (سے تولنے) میں حد سے تجاوز نہ کرو۔ اور انصاف کے ساتھ ٹھیک تولو۔ اور تول کم مت کرو۔ اور اسی نے خلقت کے لئے زمین بچھائی۔ اس میں میوے اور کھجور کے درخت ہیں جن کے خوشوں پر غلاف ہوتے ہیں۔ وآخِرُالدَعوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

اراکین کی رخصت

جناب محمود جان (ڈپٹی سپیکر): Leave applications: کچھ معزز اراکین اسمبلی کی طرف سے چھٹی کی درخواستیں آئی ہیں، جناب محمد ظہور صاحب، حاجی قلندر خان لودھی صاحب، حاجی فضل الٰہی صاحب، بابر سلیم خان صاحب، مسماۃ ماریہ فاطمہ صاحبہ، سردار رنجیت سنگھ صاحب، ابراہیم خٹک صاحب، جناب محمد ریاض صاحب، جناب کامران بنگش صاحب، جناب شکیل بشیر ایم پی اے صاحب، جناب سراج الدین خان کی Application بھی ہے، ان تمام اراکین کی درخواستیں 26 جون 2020 کی، ہاؤس کے سامنے Put کرتا ہوں، منظور ہیں؟

(تحریک منظور کی گئی)

ڈپٹی سپیکر: جی سلطان خان!

جناب سلطان محمد خان (وزیر قانون): سر، میں ایک موشن موو کرتا ہوں پھر اس کے بعد آپ کارروائی چلائیں، I hereby intend to move the-----

جناب عنایت اللہ: شکریہ جناب سپیکر صاحب، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا، آج پاکستان کے نامور سیاستدان اور ہماری جماعت کے سابق امیر سید منور حسن صاحب جو ہیں، ان کی Death ہو گئی ہے، وہ گزشتہ ایک دو ہفتوں سے بیمار تھے، Coma میں تھے، آئی سی یو کے اندر ان کو ٹریٹمنٹ مل رہی تھی، وہ 1977 میں پاکستان کے اندر قومی اسمبلی میں سب سے زیادہ ووٹ لینے والے Candidate تھے، اس وقت انہوں نے الیکشن جیتا تھا، بعد میں وہ الیکشن کینسل ہوا، Students politics کے اندر بھی ایکٹیو رہے، میں چاہتا ہوں کیونکہ میری پارٹی کے لیڈر بھی ہیں، یہاں ایک Acknowledgment کے طور پر میں نے بات کی، میں اپنی طرف سے ان کو Tribute اسمبلی کے فلور پر پیش کرتا ہوں اور آپ کی اجازت سے میں ایوان سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ ان کے لئے ہم Jointly دعا کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دعائے مغفرت کریں۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب!

صاحبزادہ ثناءاللہ: شکریه جناب سپیکر صاحب! چونکه نن خو په ضمنی بجټ باندې عمومی بحث دے خو پرون مونږه دلته یو ریزولیوشن متفقه پاس کړے وو او هغه ریزولیوشن د دې د پاره وو چې باهر خلق زمونږه په خلیجی ممالکو کښې وفات شوی دی۔ جناب سپیکر صاحب! په دې یوه هفته کښې درې لاشونه زما د حلقې هغه د لاهور په ائرپورټ باندې کوز شو، نن زما یو کلی والا وفات شوے دے او زه هغې د پاره اوس روان یم لاهور ته، لس بجې فلائټ دے، سبا ما ښام بیا هم بل لاش به راځی او هغه، جناب سپیکر صاحب! زما دا درخواست دے چې تاسو مهربانی اوکړئ او په دې عوامو باندې رحم اوکړئ، د لاهور نه چې زمونږه هغه لاش راشی او بیا د لاهور نه ئے مونږه را اوچتوؤ، مونږه ئے د ملتان نه را اوچتوؤ نو مونږه وایو که د پیښور په ائرپورټ وی که د اسلام آباد په ائرپورټ راشی نو کم از کم هغه خلقو ته به دا درد او دا تکلیف لږ کم شی، هم دغه یو درخواست مو دے، ډیره مهربانی، شکریه۔

جناب سپیکر: سلطان خان! تاسو کنسرنډ کسانو سره او څنګه چې ثناءالله صاحب اووئیل، په دې باندې به زه ریکویسټ کوم چې تاسو ریسپانډ کړئ، هم هغه خبره شوه، جی دا ټول هغه خبره کوی، هم هغه یو خبره چې بار بار کیږی۔

جناب عنایت اللہ: میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے ہمیں وقت دیا، ثناء اللہ صاحب نے کل بھی یہ مسئلہ، ہم نے جوائنٹ ریزولیوشن پر بھی اٹھایا تھا، اس وقت بھی میرا خیال تھا کہ اس پر ایک دو منٹ ہم گفتگو کریں لیکن ظاہر ہے کہ ہم نے آخری وقت تک اسمبلی کا اجلاس چلایا تھا تو آپ کے موڈ کو دیکھ کر ہم نے اس پر گفتگو نہیں کی، سچی بات یہ ہے کہ یہ مسئلہ بہت بڑا ہے، یہ جو بجٹ ڈیبیٹ ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو وہاں کرب اور تکلیف ہے، یہ اس سے بھی زیادہ بڑا مسئلہ ہے، میرے اور صاحبزادہ ثناء اللہ کے حلقے کے روزانہ چار پانچ، چھ سات، دس لوگ مرتے ہیں، ان کی لاشیں وہاں ہاسپیٹلز کے اندر سرد خانوں کے اندر پڑی ہیں، اپر دیر، لوئر دیر کی ایک سو دس لاشیں وہاں پر پڑی ہیں، چھیالیس لاشیں ایسی ہیں جن کی ڈاکومنٹیشن کمپلیٹ ہو چکی ہے لیکن ان کی ٹرانسپورٹیشن باقی ہے، ہم ان سے ریکویسٹ کرتے ہیں، ان منسٹر صاحبان سے ریکویسٹ کرتے ہیں کہ پلیز، آپ چیف منسٹر صاحب کو بتائیں کہ وہ یا پرائم منسٹر صاحب سے بات کریں یا یہ جو پی آئی اے کے لوگ ہیں، ان سے بات کریں یا وہ اوورسیز منسٹری والوں سے بات کریں،

فارن منسٹری سے بات کریں کہ خدارااس کرب کو ختم کریں، گیارہ لاشیں میرے علم کے مطابق ایسی دفنائی جاچکی ہیں کہ ایمبیسی کے لوگ ان کو ٹریس نہیں کر سکے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یوجی، شوکت یوسفزئی صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت): شکریہ جناب سپیکر! یہ بڑا Genuine issue ہے، میں اس کو سپورٹ بھی کرتا ہوں، اس میں ہم نے بڑی محنت کی، پچھلے دنوں آپ کو یاد ہو گا کہ جب رمضان میں یہ ایشو اٹھا، کافی جو اوورسیز پاکستانی ہیں، ان کی طرف سے کافی مطالبے بھی آتے رہے، میں خود جب لائیو آتا تھا فیس بک کے اوپر تو اس میں کافی ان کے Genuine grievances ہوتے تھے، اس وقت چونکہ پرابلم یہ تھا کہ ایک تو فلائٹس کم تھیں، کچھ انہوں نے بین لگایا ہوا تھا، کچھ وہاں پر جو ائرپورٹس تھے وہ بہت زیادہ نہیں تھے جس کی وجہ سے کرایہ بڑھانا پڑا، پھر یہ کہ یہاں سے پی آئی اے کی فلائٹس خالی جاتی تھیں، وہاں کا جو کرایہ جب زیادہ ہو گیا تو لوگوں نے اس پر بھی شور مچایا لیکن وزیراعلیٰ محمود خان صاحب نے پرائم منسٹر صاحب سے بات کی کہ پشاور ائرپورٹ کا ایشو تھا کہ وہ کھول دیا گیا، اب یہ جو انہوں نے بات کی کہ زیادہ تر لاشیں جو بھی ہیں وہ یہاں پر ہماری آرہی ہیں لیکن اگر کوئی اس طرح کا ایشو ہے جو انہوں نے ذکر کیا دیر کا تو اس کی میں آج ان سے بات کر لوں گا ان شاء اللہ تعالیٰ، کیونکہ اس پر Liason ہے ہمارا اور یہ بالکل زیادتی ہو گی کہ اگر یہاں کی لاش، میت وہاں پر اتاری جائے تو لوگوں کے لئے ڈبل مشکلات ہو رہی ہیں، میں ان شاء اللہ اس پر بات کروں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محمود احمد خان بیٹنی صاحب!

جناب محمود احمد خان: تھینک یو جناب سپیکر! کل پولیس امنڈمنٹ پر بات ہو رہی تھی، کٹ موشن پر آپ نے رولنگ دی تھی کہ کل ادھر ڈی آئی جی رینک کا بندہ بیٹھا ہونا لازمی ہے، آپ ذرا اٹینڈنٹ شیٹ چیک کریں، آپ کی رولنگ پورے ہاؤس کے لئے اور آپ کی رولنگ آپ کی چیئر سب کے لئے قدردان ہے، جناب سپیکر! یہ سامنے اس میں دیکھیں کہ کوئی بھی نہیں۔

جناب سپیکر: بیٹنی صاحب! آپ ابھی سن لیں نا، ابھی آپ نے بات کر لی تو پھر سن لیں، پولیس کی طرف سے ایس ایس پی صاحب آئے تھے، میں نے گیٹ سے ان کو واپس کر دیا ہے، میں نے کہا کہ ڈی آئی جی صاحب کو بھیجیں، ایس ایس پی نہیں آئے گا تو ابھی ڈی آئی جی آئے گا، آپ کی جو بات ہے وہ سنی گئی، ایس ایس پی کو میں نے گیٹ سے واپس کیا ہے۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یو منٹ کښېنئ خبره اوکړه ځکه چې پروسیډنګز کول دی، هم ستاسو د اپوزیشن والا ایجنډا ده، یو منټ کښېنئ جی۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر! آپ کا بہت بہت شکریہ، مجھے منسٹر صاحب کی توجہ چاہیئے، کل کا واقعہ جو ہے ہمارے علاقے کے لوگ بہت زیادہ جو علاقہ سیدان شاہ میں اور اس جگہ پر ان کی اپنی زمینیں ہیں، وہ اپنی گندم کاشت کرتے ہیں پھر واپس لاتے ہیں، کل ڈی سی لکی مروت نے جتنی بھی گندم پنجاب سے آ رہی تھی، سارے ڈاٹسن کھڑے کر کے لوگوں سے وہ گندم زور پر سرکاری گوداموں میں رکھی، میں نے ڈی ایف سی سے بھی بات کی، خود فون کیا، ڈی سی کے ساتھ موبائل پر رابطہ رکھا، اس کو میسج بھی دیا لیکن کچھ بھی نہیں ہوا۔ جناب سپیکر! پنجاب سے گندم سپلائی ہو سکتی ہے، جب کوٹہ گورنمنٹ نے پورا کرنا ہے، یہ تو نہیں ہونا چاہیئے کہ روڈوں پر ڈاٹسن کھڑے کر کے وہ غریب لوگوں کی کاشت کی زمین سے جو گندم لاتے ہیں، دس بوری، بیس بوری، پچاس بوری وہ لکی مروت کے گوداموں میں سٹور ہوتی ہے، ہم سرکاری کوٹہ پورا کر رہے ہیں، یہ بڑا Sensitive مسئلہ ہے، میری لاء منسٹر صاحب سے بھی یہ ریکویسٹ ہوگی کہ وہ غریب لوگ ہیں، ایک سال تک کاشت کرتے ہیں تو پھر پنجاب حکومت والے کچھ نہیں کہتے لیکن اپنے صوبے میں اپنے ضلع میں وہ اپنے علاقے میں گندم نہیں لا سکتے، میری یہ ریکویسٹ ہوگی کہ اس کے متعلق کچھ آپ وہ دے دیں کہ اپنی گندم کے حوالے یہ بہت سے لوگ ہیں، ایک نہیں ہے، مطلب سو دو سو ڈاٹسن انہوں نے پکڑے ہیں اور لکی مروت میں ڈالی ہے۔

ضمنی بجٹ برائے مالی سال 20-2019 پر عمومی بحث

جناب ڈپٹی سپیکر: Item No. 4, General Discussion on Suplementary Budget: میں تمام آنریبل ممبرز سے یہ ریکویسٹ کروں گا اور خصوصاً ہماری اپوزیشن پارٹیز کے پارلیمانی لیڈرز جو ہیں ان سے خصوصاً ریکویسٹ کروں گا کہ آپ کی پارٹی کے باقی ایم پی ایز جو ہیں وہ مجھ سے بار بار ریکویسٹ کر رہے ہیں کہ ہمیں موقع دیں تو مطلب ہے Maximum time آپ کے پارلیمانی لیڈر لے لیتے ہیں، پندرہ سے بیس منٹ کے بجائے آدھا گھنٹہ، پینتالیس منٹ بات کرتے ہیں تو ان کو بالکل موقع نہیں ملتا، میں آپ سے ریکویسٹ کروں گا کہ آپ اگر آج ان کو موقع دے دیں، آپ اپنی پارٹیز کے ایم پی ایز کو موقع دیں تو بہتر ہوگا، میں ریکویسٹ آپ سے ہی کروں گا کہ پہلے میں ان سے شروع کروں اور

آپ بات نہ کریں، میری یہ ریکویسٹ آپ سے ہے۔ محترمہ نگہت اورکزئی صاحبہ۔ نہ جی، د دوئ فخر اعظم صاحب پارلیمانی لیڈر دے، شیر اعظم وزیر صاحب د دوئ پارلیمانی لیڈر دے جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: بہت شکریہ جناب سپیکر صاحب، میں آپ کا بہت مشکور ہوں کہ آج آپ نے جنرل ڈسکشن کو یہاں پر ختم کیا اور آپ نے ہمیں Equality کے لحاظ سے جو ہے، آج یہ پہلا موقع ہے، میں آپ کو سلوٹ پیش کرتی ہوں، آپ کی اس کرسی کو سلام پیش کرتی ہوں کہ آج آپ نے پہلی دفعہ اس ہاؤس میں جنرل ڈسکشن کو ختم کرتے ہوئے ایک عورت کو یہ موقع دیا کہ وہ پہلے تقریر کرے، میں آپ کی شکرگزار ہوں۔ جناب عالی! یہ ضمنی بجٹ پر تو میں اتنی زیادہ بات نہیں کروں گی لیکن اس میں دو تین تجاویز ہیں جو جلدی جلدی میں دینا چاہتی ہوں، انہوں نے جو محکمہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے لئے جو انہوں نے تین کروڑ روپے مانگے ہیں، انہوں نے کہا اور اپنے بجٹ میں بھی رکھے تھے، تین کروڑ اضافی یہاں پر وہ مانگ رہے ہیں، سولہ لاکھ دس ہزار روپے، جناب سپیکر صاحب! اگر آپ دیکھیں تو مجھے یہ پتہ چلا ہے کہ اساتذہ کے لئے ٹیبلٹ لینے کی تجویز زیر غور ہے جو کہ اس کے ذریعے گفتگو کرسکیں گے لیکن طلباء کا کیا ہوگا، طلباء جو ہیں وہ جن کے ساتھ Online contact میں رہیں گے، کیا ٹیچرز کو یہ چلانا اور کرنا بھی آئے گا یا نہیں آئے گا؟ ایسا تو نہیں ہوگا کہ اگر ایک چیز جو وہ دو روپے کی مل رہی ہے وہ پندرہ روپے کی لی جائی گی، اس میں گھپلا کیا جائے گا جو کہ امکان نہیں ہے لیکن میں سمجھتی ہوں کہ یہاں پر اگر اس چیز کو چھوڑ دیا جائے، Online classes میں بعض جگہ پر سروس ہوتی ہے، جیسے کہ میرے بہت سے کولیگز نے کہا کہ بعض جگہ پر انٹرنیٹ کی سروس ہوتی ہے بعض جگہ پر نہیں ہوتی ہے، طلباء کے لئے یہ بہت زیادہ مشکل کا سامنا ہے کہ وہ Online classes کے لئے اس ٹیکنالوجی کو وہ Use نہیں کرسکتے ہیں۔ یہ جو میں نے ٹیبلٹ کی بات کی ہے، اس کو آپ پلیز موخر کریں، یہ تمام ٹیچرز کے لئے ممکن بھی نہیں ہے اور تمام طلباء کے لئے جن کے پاس انٹرنیٹ کی سہولت نہیں ہے، ان کے لئے بھی ممکن نہیں ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: فنانس منسٹر صاحب! آپ پوائنٹس نوٹ کرتے جائیں، آپ نوٹ کرتے جائیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: دوسرا جناب سپیکر صاحب! محکمہ جیل خانہ جات ایک ایسی جگہ ہے کہ جہاں پر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے، کسی کو اللہ لے کر نہ جائے، کسی کو بھی اللہ لے کر نہ جائے، لیکن ایک مہینہ، ڈیڑھ مہینہ پہلے باقاعدہ طور پر میرے گھر پر فائرنگ ہوئی، مجھ پر فائر ہوا، میرے بیٹے پر فائر ہوا کلاشنکوف

سے میرے بچے پر اور میرے دیور پر، ان دونوں پر، یہاں پر میں نے ایک بات کی تھی جو کہ بالکل صحیح بات ہے، کے ایم یو کے وائس چانسلر صاحب ہیں، جب ان کو پتہ چلا کہ میرا بیٹا ہاسپیٹل میں داخل ہوا، اس کو چاقو اور کلاشنکوف کی گولی لگی ہوئی تھی، ساتھ ہی اس کو ڈنڈے اور وائپرز سے پچیس لوگوں نے اس کو مارا ہوا تھا، جناب سپیکر! بجائے اس کے کہ اس کو ایڈمٹ کرتے، ایس ایچ او بھانہ ماڑی نے ایک لاکھ روپیہ لے کر ہماری ایف آئی آر درج کی، میں ثوبیہ شاہد کو بالکل سیکنڈ کرتی ہوں کہ جب ایف آئی آر ہوتی ہے تو اس میں یہ سارا کچھ ہوتا ہے جو جا کر سپریم کورٹ بھی وہ نہیں بدل سکتی ہے، اس کو چیلنج نہیں کیا سکتا۔ اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں اس بندے کی جس نے ایک لاکھ روپیہ بھانہ ماڑی کے ایس ایچ او کو دیا ہے، اس کی یہاں پر اعترافی ریکارڈنگ میرے پاس موجود ہے، کہ ہاں فلاں بندے نے مجھے کہا ہے کہ جا کے ایس ایچ او کو میں نے ایک لاکھ روپیہ دے کر آیا ہوں، واقعی جب میں رپورٹ لکھوا رہی تھی تو وہ بار بار مجھے Interupt کر رہا تھا کہ ایسے نہ لکھو، ایسے نہ لکھو، خیر میں جیل خانہ جات پر آتی ہوں کہ میرے بیٹے کو ہاسپیٹل سے ڈسچارج کر دیا گیا، گولی لگنے کے باوجود اور چاقو لگنے کے باوجود جو اتنا زخمی ہونے کے باوجود میرے دیور کا ہاتھ جو ہے وہ کلاشنکوف سے اس کو گولی لگی تھی، اس کو بھی فارغ کر دیا گیا، جیل میں جب وہ گئے تو آپ یقین کریں کہ ان کو ایسی جگہ ملی کہ جہاں پر کٹمل ہی کٹمل تھے، کٹملوں نے ان کا وہ حال کیا تھا کہ جس کی کوئی حد نہیں ہے۔ ایک تو آپ یہ بات کریں کہ آپ گاہے بگاہے جو بھی جیل خانہ جات کا وزیر ہے، وہ گاہے بگاہے جائے اور وہاں پر چکر لگائے۔ دوسرا، جیل خانہ جات کے لئے اہم چیز یہ ہے کہ وہاں پر 1/3 گھارت ہے، اس 1/3 گھارت کا مطلب یہ ہے کہ وہاں پر تین شفٹیں ہوتی ہیں جس میں ان کو چھٹی کا بڑا مسئلہ ہوتا ہے جناب سپیکر صاحب! میں آپ کے توسط سے یہ ضرور تجویز دینا چاہوں گی کہ ¼ گھارت اگر کر دی جائے، 1/3 سے ¼ گھارت کر دی جائے تو اس سے یہ ہوگا کہ جو لوگ چھٹیوں پر جانا چاہیں گے تو ان کے لئے کوئی پرابلم نہیں ہوگی، وہ تھکے ہوئے نہیں ہوں گے، وہ فریش ہوں گے، وہ اپنے گھر والوں کے ساتھ اپنا وقت گزار کر آئیں گے، یہ تو میرا خیال ہے کہ اتنی بڑی بات نہیں ہے۔ دوسرا جناب سپیکر صاحب، بس صرف دو منٹ لینا چاہوں گی، پولیس میں فرانزک لیبارٹری کا کہیں بھی ذکر نہیں ہے، فرانزک لیبارٹری جو ہے وہ ہماری یہاں پر ہونی چاہیئے، پولیس کا ایک چھوٹا سا سسٹم کہیں ہوگا لیکن یہ ایک بڑے پیمانے پر ہونا چاہیئے، جیسا کہ لاہور میں ہے، خدانخواستہ کہیں بم دھماکہ ہوتا ہے، اللہ نہ کرے، اللہ میرے وطن پر پھر وہ وقت نہ لے کر آئے، یا کوئی ایسی بات ہوتی ہے کہ جس سے ہمیں کوئی اعضاء جو ہے، جسم کے وہ بھیجنے پڑتے

ہیں، لاہور سے دو مہینے کے بعد اس کا ریزلٹ آتا ہے، جب اتنے خرچے یہ لوگ کر رہے ہیں، اگر یہ لوگ اس لیبارٹری پر اگر کام شروع کریں، میرا خیال ہے، میرا پارلیمانی لیڈر نہیں ہے تو مجھے دو منٹ اور دے دیئے جائیں، باقی میرے دو دو منٹ ان کو دے دیئے جائیں۔ سر! اس میں یہ ہے کہ یہ جو پولیس کے ریفارمز کے لئے ہم بات کر رہے ہیں، دوسری بات جو بڑی اہم ہے کہ میرا پولیس ڈیپارٹمنٹ صبح شام کام کرتا ہے، اس میں کالی بھیڑیں بھی ہوں گی، اس میں بھی کوئی شک نہیں ہے لیکن اس میں ملک سعد جیسے، شہید عبدلرازق جیسے، صفت غیور جیسے، عابد خان جیسے، کالام خان جیسے لوگ، ان میں ایسے ایسے لوگوں نے اپنی جانوں کا اور سپاہیوں نے نظرانہ پیش کیا ہے کہ جس کی مثال کہیں نہیں ملتی، جناب سپیکر صاحب! میری پولیس کی تنخواہ پنجاب کی پولیس کی طرح کر دی جائے اور ان کے ڈیوٹی آورز بھی وہاں کے برابر کئے جائیں، اس سے یہ ہوگا کہ یہ جو Mental disturbance ہے یا جو یہ لوگوں کی ڈیپریشن ہے، وہ چودہ چودہ، پندرہ پندرہ گھنٹے یا پینتالیس پینتالیس گھنٹے کام کرتے ہیں، یہ ایک ریلیف ان کو مل جائے گا، ان کی تنخواہیں بڑھنے سے اور ان کے ڈیوٹی آورز کم کرنے سے، یہاں پر صرف ایک بات اور کہوں گی، انہوں نے ٹرانسپورٹ کے لئے اور بی آر ٹی کے لئے رقم مانگی ہے، یہ بی آر ٹی کے بارے میں ہمیں بتایا جائے کہ یہ بی آر ٹی آخر کب تک بنے گی؟ یہ چائنا کی دیوار ہے، یہ کونسا ایسا میگا پراجیکٹ ہے کہ جو ہمارے Tenure سے پہلے چھ مہینے کا ٹائم دیا، یہ Expose ہو گیا لیکن یہ بالکل جھوٹ ہے کہ 2021 کا ٹائم دیا گیا تھا، بار بار ٹائمنگ کی چینجز سے اس کا نقشہ ہی نہیں بنایا گیا تھا، اس میں جو بار بار غلطیاں آئی تھیں ان کو صحیح کرنے میں اس پر اتنا وقت لگا، ہماری شاہراہ جو کہ قومی شاہراہ ہے اس کو خراب کیا گیا، ابھی بھی اگر یہ نہیں بن رہی ہے، اس میں بار بار مطالبے کئے جا رہے ہیں، میری اطلاع کے مطابق یہ ہے کہ سات ارب روپے تھے، میری اطلاع کے مطابق یہ ہے کہ سات ارب روپے آپ ایشین ڈیویلپمنٹ بینک سے اس کے لئے قرضہ لے رہے ہیں تو مہربانی کریں اس میں بھی کچھ غور و فکر کریں۔ میں آپ کا پھر شکریہ ادا کرتی ہوں، میرے یہ چار پانچ پوائنٹس تھے کہ جن پر میں نے بات کرنی تھی، میں نے کر لی۔ آپ کا بہت بہت شکریہ، Again and again۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو۔ سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب موجود نہیں، حافظ حسام الدین صاحب! یہ ماسک پہن لیں، ماسک پہن لیں۔

حافظ عصام الدین: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! ٹائم دینے کا شکریہ، میں آپ کا اس بات پر بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ضمنی بجٹ پر اس بحث میں مجھے بھی نمائندگی کا موقع دیا۔ جناب سپیکر صاحب! فاٹا انضمام کا یہ تیسرا سال شروع ہے لیکن فاٹا کے انضمام کے خاطر خوا فوائد ابھی تک ہمیں سامنے نہیں آئے، ہمیں سامنے نظر نہیں آئے، ہمیں تو یوں لگتا ہے کہ فاٹا کے انضمام کے اس مقولے کی مثال نہ ہو کہ "آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا"، ہمیں تو یہ لگتا ہے کہ نہ ہم فاٹا رہے اور نہ ہم کے پی میں رہے، ہم درمیان میں اٹکے ہوئے ہیں جس کی وجہ سے ہمارے مسائل حل نہیں ہوں گے بلکہ مزید بگڑ رہے ہیں، مزید بڑھ رہے ہیں گزشتہ دو سالوں سے، میں باقی فاٹا کی بات نہیں کروں گا اپنے حلقے کی بات کروں گا کہ میرے حلقے میں صحت کو اگر دیکھا جائے، تعلیم کو دیکھا جائے، یہ بنیادی دو چیزیں ہیں، صحت میں ایک بی ایچ یو یا ایک بنیادی ہیلتھ یونٹ، کوئی ایک بنیادی ہیلتھ یونٹ کی تعمیر کا کام نہیں ہو سکا بلکہ جو پہلے سے بنے تھے ان کی آبادکاری بھی نہیں ہو سکی اور تعلیم کے شعبے میں ایک پرائمری سکول تک بھی تعمیر نہ ہو سکا، ہم تو یہ امید لگائے بیٹھے تھے کہ انضمام کے بعد یہاں یونیورسٹیاں قائم ہوں گی، یہاں میڈیکل کالجز بنیں گے، یہاں قسم قسم کے کالجز ہوں گے، گرلز کے لئے الگ کالجز ہوں گے لیکن وہ ساری ہماری امیدیں خاک میں مل گئیں، میرے حلقے میں اگر دیکھا جائے تو اوپر سے لے کر نچلی سطح تک دفتروں میں جو کرپشن کا ایک سلسلہ ہے، ایک عروج ہے (تالیاں) پشاور سے وہاں تک ہاتھ پہنچتے ہیں، ہمارے دفتروں میں پشاور کے ہاتھ وہاں نظر آتے ہیں، وہاں بھی کرپشن کی کمی نہیں ہے لیکن یہاں سے بھی لوگ وہاں پہنچے ہیں، کرپشن کی ایک لکیر یہاں تک پہنچی ہوئی ہے۔ گزشتہ مالی سال 20-2019 میں ایک کلومیٹر روڈ بھی ہمارا منظوری نہیں ہو سکا، کدھر گئے وہ اربوں روپے جو سالانہ سو ارب فاٹا کے لئے جو تین سال سے ہمیں ملنے تھے؟ تین سال ہو گئے، ابھی تک سو ارب کے بجائے ہمیں پچاس لاکھ بھی نہیں مل سکے، سی اینڈ ڈبلیو کے لئے فاٹا کے لئے سترہ ارب روپے مختص کئے تو سترہ ارب میں ہمیں کتنے ملیں گے؟ ہمارے جو پہلے سے کام چل رہے تھے وہ بھی پینڈنسی کا شکار ہیں، وہ بھی تعطل کا شکار ہیں۔ بجلی کی طرف اگر ہم دیکھیں تو فاٹا میں اور پھر خصوصاً میرے حلقے میں بجلی نہ ہونے کے برابر ہے، یہ بات بھی یہاں پر کہتا چلوں کہ فاٹا میں سب سے بڑا ضلع ساؤتھ وزیرستان، جنوبی وزیرستان ہے، پھر کے پی میں سب سے بڑا ضلع تیسرے نمبر پر وہ ساؤتھ وزیرستان ہے، رقبے کے لحاظ سے، لہذا خصوصی آپریشن کی زد میں جو سب سے زیادہ شکار رہا ہے وہ ساؤتھ وزیرستان ہے، ابھی ترقیاتی کاموں کا جو سلسلہ ہے اس میں جو سب سے زیادہ سست روی کا شکار ہے وہ فاٹا

ہے، ہم 3G اور 4G رونئیں یا ہم وہاں صرف نیٹ ورک کی بحالی کی بات کریں، وہاں تو صرف ہمارے جو بیرون ممالک میں مسافر ہیں وہ اپنے پیاروں سے فون پر بات کرنے کے لئے ترستے ہیں، نیٹ ورک کی بحالی نہیں ہے، ان کے لئے جو مسائل ہیں فوراً اُس پر ایکشن لیا جائے، یہ مسائل، یہاں یہ بات اس صوبائی اسمبلی کے فلور سے آپ کے توسط سے میں یہ بات کہہ رہا ہوں کہ جو لوگ اس میں رکاوٹ ہیں تو خدارا پہلے بنیادی طور پر نیٹ ورک کا مسئلہ حل کیا جائے، اے پی آئی اور پراجیکٹ کے جو ملازمین ہیں ہزاروں میں جو کئی مہینوں سے جنہیں تنخواہیں نہیں مل رہی ہیں، انہیں تنخواہیں بھی دی جائیں اور انہیں مستقل کیا جائے۔ تباہ شدہ مکانات کے معاوضے کے لئے جو آئی ڈی پیز کے لئے ساڑھے بتیس ارب روپے تھے، اس میں سے سترہ ارب روپے مختص کئے، باقی سیکورٹی اداروں کے نام کر دیئے گئے، آیا سیکورٹی اداروں نے ہم سے فاٹا کے نام پر کم پیسہ لیا، ترقیاتی کاموں میں کم مل رہا ہے، یہ آئی ڈی پیز کے لئے جو پیسہ ہے یہ بھی وہ ہڑپ کئے جا رہے ہیں، بیس ہزار لیویز کا وعدہ فاٹا کے ساتھ وہ کہاں گیا؟ ہمیں نظر (تالیاں) میں کہیں بھی دکھائی نہیں دے رہا ہے، اوور سیز پاکستانی ہیں، سب سے زیادہ یہ پختون طبقے سے تعلق رکھنے والے لوگ بیرون ممالک میں اپنے بچوں کے لئے روزی کمانے کے لئے جاتے ہیں، پھر خصوصاً فاٹا سے تعلق رکھنے والے ہیں، اس پر اگرچہ قرارداد پیش ہوئی ہے لیکن یہ مسئلہ جلد حل کیا جائے، آن لائن کلاسیں شروع ہیں لیکن ہمارے فاٹا کے جو بیچارے انتہائی بھاری بھر کم فیسیں ادا کرتے ہیں، پسماندہ علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی وائنڈاپ کریں، وائنڈاپ کریں۔

<u>حافظ عصام الدین</u>: تو آن لائن کلاسیں شروع ہو گئیں، لہذا یہ آن لائن کلاسیں جب تک نظام زندگی اور۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی وائنڈاپ کریں۔

<u>حافظ عصام الدین</u>: اس پر وہ نہیں آتی، اس وقت تک یہ سلسلہ روکا جائے۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی وائنڈاپ کریں۔

<u>حافظ عصام الدین</u>: ایک دو باتیں ہیں جو بہت اہم ہیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی وائنڈاپ کریں۔

حافظ عصام الدین: ایک بات، کل لوکل گورنمنٹ منسٹر صاحب سے بھی بات ہوئی، یہ جو ہماری حلقہ بندیاں ہوئی تھیں، ویلج کونسل کی اور یونین کونسل کی تو اس میں انتہائی بڑے مسائل ہیں، اس پر ہمارے یہاں اسمبلی سے پہلے بھی ویلج کونسل اور یونین کونسل کی نقشہ جات جاری ہو گئے تھے، ہمیں اس پر نظر ثانی کا بھی موقع نہیں ملا، اس پورے نقشے میں ہماری ایک پوری تحصیل غائب ہے وہ نقشے میں نہیں ہے تو پھر پوری ایک تحصیل ایسی ہے کہ صرف ایک ویلج کونسل کا بھی درجہ نہیں دیا گیا بلکہ دوسرے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ، عصام الدین صاحب۔ مفتی عبید الرحمان صاحب!

مفتی عبید الرحمان: **الحمد للہ وحدہ والصلاۃ والسلام علی سید الرسل و خاتم الانبیاء اما بعد،** جناب سپیکر! میں بہت مشکور ہوں کہ آپ نے بات کرنے کا موقع فراہم کیا۔ سب سے پہلے میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ آج چونکہ سپلیمنٹری بجٹ پر ڈیبیٹ چل رہی ہے، ہم نے یہ سوچا تھا کہ چونکہ یہ طے ہوا تھا پارلیمانی لیڈرز کے اجلاس میں کہ اس اجلاس کو مختصر رکھیں گے، ہمیں شاید ضرورت نہ پڑے، آج ایک دو ایشوز کی بنیاد پہ میں نے مناسب سمجھا کہ آپ سے وقت لے لوں۔ جناب سپیکر! جہاں تک سپلیمنٹری بجٹ کا تعلق ہے، میں نہیں سمجھتا کہ اس میں کوئی زیادہ چوں چراں کی ضرورت ہو، اس لئے کہ یہ تو گزشتہ سال کے بجٹ میں تخمینہ جات سے جو اضافی اخراجات کی ضرورت پڑی ہے، گورنمنٹ کو اسی کی مد میں اس بجٹ کو بنایا گیا ہے، میں اس پر من و عن توثیق وتائید کرتا ہوں، یہ جو ہمارا Annual 2020-21 کا بجٹ ہے، اس کے حوالے سے چند معروضات ضرور پیش کروں گا۔ اس بجٹ کی چند خصوصیات ایسی ہیں جن کی وجہ سے میں مناسب سمجھتا ہوں کہ اس بجٹ کی ستائش کی جائے کیونکہ اس بجٹ کے اندر اس سال کا سالانہ جو بجٹ ہے، اس میں خاطر خواہ رقم اس بجٹ کے اندر ہیلتھ محکمے کے لئے وہ ڈی ایچ کیوز کو فنکشنل بنانے کے لئے ہے یا ہمارے کوہستان جیسے دیہاتی علاقوں کی بی ایچ یوز جو ابھی تک ویران پڑی ہیں ان کو درست کرنے کے لئے، فنکشنل کرنے کے لئے دی جائے۔ اس کے علاوہ مرج اضلاع جو کہ ایک انتہائی اہم اور ہماری پختون روایات کی آمین ہیں، ان کے لئے ایک بہت بڑا وافر مقدار میں بجٹ رکھنا، پورے صوبے کے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مفتی صاحب! آپ ضمنی بجٹ پر، آپ ضمنی بجٹ پہ بات کریں۔

مفتی عبید الرحمان: جی میں عرض کروں گا۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی ضمنی بجٹ پر بات کریں۔

مفتی عبید الرحمان: اس سے، سپیکر صاحب! ذرا حوصلہ رکھیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: لیکن بجٹ پاس ہو چکا ہے، یہ ضمنی بجٹ ہے، اب اس پر بات کریں، پاس ہو چکا ہے، اب آپ ضمنی بجٹ پر بات کریں۔

مفتی عبید الرحمان: ان خصوصیات کی بناء پر میں اس بجٹ کی من و عن تائید کرتا ہوں، میں وزیر خزانہ صاحب کو سلام پیش کرتا ہوں، ان کو داد دیتا ہوں۔ جہاں تک میں جس ایشو کے حوالے اٹھا ہوں وہ یہ ہے کہ یہ ADP 2020-21 میں ایک سکیم لائی گئی ہے جو کہ چوڑ الائی ڈیویلپمنٹ ٹورازم سپاٹ کے نام سے ہے، اس میں ریکارڈ درست کرنے کے لئے یہ چوڑ الائی نہیں ہے بلکہ یہ چوڑ کوہستان پالس ہے، یہاں پہ یہ ریکارڈ درست کرنے کی ضرورت ہے، یہ چوڑ کا میں تعارف کراؤں، یہ چوڑ ویلی ایشاء کی سب سے بڑی چراگاہ ہے جو ہمارے صوبے کے اندر ایک ٹورازم کے لئے بہترین ایک View ہے، اس کا تعلق اور اس کی ملکیت ضلع کوہستان سے ہے، اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ یہ ضلع کوہستان جب ہزارہ ڈویژن بنا، ضلع کوہستان بنا 1976 میں تو وہاں ضلع کوہستان کے نوٹیفیکیشن میں یہ کوہستان میں ہے، چوڑ ویلی کوہستان میں ہے۔ نمبر دو، جب تحصیل پالس بنی 1995 میں، تو یہ تحصیل پالس کے نوٹیفیکیشن میں چوڑ ویلی کے پانچ سو چار گاؤں اس میں شامل ہیں۔ تیسری بات یہ ہے، Delimitation کے اندر یہ چوڑ ویلی پالس کوہستان کے نقشے میں موجود ہے، Enrolment کی لسٹ میں یہ چوڑ ویلی کے پانچ سو چار گاؤں میں یہ ایک سو پانچ گاؤں کوہستان میں موجود ہیں، اسی طرح یہ تحصیل پالس کے نوٹیفیکیشن میں بھی ہے، ڈسٹرکٹ کولئی پالس کے نوٹیفیکیشن میں بھی یہ ایک سو پانچ گاؤں موجود ہیں، یہ میں آپ کو بتاتا چلوں کہ ڈسٹرکٹ بٹگرام جب بنا تھا تو بٹگرام کے ڈسٹرکٹ کے نقشے میں اور اس نوٹیفیکیشن میں یہ نہیں ہے، تحصیل الائی کے نوٹیفیکیشن میں یہ چوڑ ویلی کے ایک سو پانچ گاؤں نہیں ہیں، ان وجوہات کی بناء پر میرے پاس یہ لکھا ہوا ہے، سولہ دلائل اور سولہ ثبوت ایسے ہیں کہ چوڑ ویلی یہ تحصیل پالس اور کولئی پالس ضلع کوہستان کا حصہ ہے، اس کو ابھی چوڑ الائی کے نام سے کسی سکیم کا متعارف کرانا، مجھے اور میرے حلقے کے عوام کو یہ تشویش ہے کہ کیا اس کے ذریعے کسی کے ناجائز تسلط کو تقویت دینا مقصود تو نہیں ہے؟ مجھے پتہ ہے کہ ٹورازم ڈیپارٹمنٹ چیف منسٹر صاحب کے پاس ہے، میں سی ایم صاحب کو اور ہمارے فنانس منسٹر صاحب کو اس لئے موردِ الزام نہیں ٹھہراتا کہ انہوں نے مہربانی کی ہے، ٹورازم میں سکیمیں ڈالی ہیں، میرے صوبے کا ٹورازم، میرے ہزارہ ڈویژن کا ٹورازم پروموٹ کرنا مجھے بھی مطلوب ہے، ہمارے صوبے

کی ترقی ہے لیکن خدارا ریکارڈ کو درست کیا جائے، ایسے حالات میں کہ ہم ایک طرف کورونا کی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، دوسری طرف یہ کوہستان ایسا ایریا ہے کہ جہاں سے سی پیک بن رہا ہے، پوری دنیا کی توجہ اس کا امن اور یہاں کی سلامتی کی طرف مرکوز ہے، ایسے حالات میں یہ چوڑ ویلی پہ میں آپ کو ریکارڈ کے لئے بتاتا چلوں کہ چوڑ ویلی پہ پہلے ڈسٹرکٹ بٹگرام اور ڈسٹرکٹ کوہستان کے لوگوں میں جنگیں ہوئی ہیں، اس میں سینکڑوں جانیں ضائع ہوئی ہیں، ایسے ایشوز کو ایسے نازک حالات میں سامنے لانا جس سے امن و امان کا مسئلہ بنے، میں اپنے ڈیپارٹمنٹ ٹورازم ڈیپارٹمنٹ سے ضرور گلہ کروں گا کہ انہوں نے ریکارڈ چیک کئے بغیر، نوٹیفکیشن دیکھے بغیر انہوں نے Census اور Delimitation کو دیکھے بغیر ضلع کوہستان کے ایریا کو بٹگرام میں ڈکلیئر کرنا یہ بڑا افسوسناک ہے۔ میں گزارش کروں گا اپنے منسٹر صاحب سے جو یہاں پر وہ متعلقہ موجود ہیں، وہ مجھے یہ Surety دیں کہ وہ اس ریکارڈ کو درست کر کے چوڑ الائی نہیں بلکہ چوڑ پالس ویلی بیشک یہ رکھیں، روڈ بھی رکھیں اور ٹورازم کو پروموٹ کریں، میں ویلکم کرتا ہوں۔ ایک اور ایشو ہے وہ یہ ہے کہ یہ ڈسٹرکٹ کوہستان 1976 میں بنا، پشاور ڈویژن سے جب یہ ہزارہ الگ ہوا تو اس وقت ہزارہ کے تین اضلاع بنے، ضلع مانسہرہ، ضلع ایبٹ آباد، ضلع کوہستان، جب یہ تین ضلعے بنے، آج میں یہ بتاتا چلوں۔۔۔۔

جناب خوشدل خان (ایڈوکیٹ): جناب سپیکر! ٹائم۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا پارلیمانی لیډر دے، یومنټ، دا پارلیمانی لیډر دے، د پی ایم ایل (ق) والا پارلیمانی لیډر دے، خوشدل خان صاحب! لږ واؤره، چغې خو ډیرې وهئ خو لږ واؤره هم، دا پارلیمانی لیډر دے، د پی ایم ایل (ق) والا، په دې لږ ځان پوهه کړه، چغې وهل نه دی صرف۔

مفتی عبیدالرحمان: میں بحثیت پارلیمانی لیڈر، میں پی ایم ایل (ق) کی ترجمانی کرتے ہوئے پارلیمانی لیڈر کی حیثیت سے میں وقت لوں گا، جب ہزارہ ڈویژن کے یہ تین اضلاع بنے تھے، آج وہ تین اضلاع اس میں ضلع مانسہرہ، جناب سپیکر! توجہ چاہتا ہوں۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی، آپ بات کریں، آپ Continue کریں۔

مفتی عبیدالرحمان: اس میں ضلع مانسہرہ کو تین ضلعوں میں تقسیم کیا گیا، ضلع مانسہرہ، ضلع بٹگرام، ضلع تورغر، اس میں ضلع ایبٹ آباد کو تقسیم کر کے دو ضلعے بنا دیئے تھے، ضلع ایبٹ آباد اور ضلع ہری پور، اس میں ضلع سوات بھی ایک ضلع تھا، ابھی وہ تین بنا دیئے گئے ہیں لیکن کوہستان کی پسماندگی اور قابل رحم

حالت کو کسی نے توجہ نہیں دی، میں پی ٹی آئی گورنمنٹ کو سلام پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے کوہستان کے اس ایک ضلع کو بھی تین ضلعوں میں تقسیم کیا، ضلع اپر کوہستان، لوئر کوہستان اور ڈسٹرکٹ کولئی پالس، لیکن اب مجھے اس پہ افسوس ہوتا ہے کہ ہمارے پولیٹیکل ممبران اور کچھ ہمارے لیڈر یہ کہتے ہیں کہ کوہستان کے چھوٹے سے ضلعے ہیں، وہاں وسائل کی کیا ضرورت ہے؟ یہ میں کہتا ہوں کہ پی ٹی آئی گورنمنٹ کی امتیازی حیثیت ہے کہ انہوں نے کوہستان کو ایک ضلعے سے تین ضلعے بنائے گزشتہ گورنمنٹ میں اور اب اس گورنمنٹ نے ان کو فنکشنل کرنے کے لئے انہوں نے فنڈز بھی رکھے ہیں، میں اس پہ شکر گزار ہوں لیکن یہ ضرور بتاؤں گا کہ یہ ناکافی ہے، یہ کوہستان کی ترقی کے لئے ناکافی ہے، جس ضلع کے لوگ اپنے آباؤ واجداد کی قبریں قربان کرتے ہیں ملک کے لئے، جہاں پہ اٹھارہ میگاواٹ کے تین ڈیمز بنتے ہیں، اٹھارہ ہزار میگاواٹ بجلی دینی ہے، جہاں سے ہمارے بیوروکریٹس کو یہ شکایت ہے کہ وہاں پہ ریونیو نہیں ہے، میں بتاتا ہوں کہ کوہستان میں کیا ریونیو ہے؟ ایک پراجیکٹ ہے پٹن ہائیڈرو پاور پراجیکٹ، اس سے ماہانہ پانچ کروڑ روپے ابھی ہمارے صوبے کو ملتے ہیں، اس قسم کے چار پراجیکٹس ہیں، تو میں یہ عرض کرتا چلوں کہ کوہستان اسی طرح بڑا ضلع ہے جس طرح یہ باقی ہمارے صوبے کے ضلعے ہیں، کوہستان انتہائی پسماندہ علاقہ ہے، وہاں کے لئے وسائل کی ضرورت ہے، اس دفعہ وزیر خزانہ صاحب نے جو ڈسٹرکٹ سیکرٹریٹ ڈی ایچ کیو اور اسی طرح یہ ریسکیو 1122 کے حوالے سے یاد کیا ہے، میں مشکور ہوں لیکن یہ ناکافی ہے۔ جناب سپیکر! میں آپ کی وساطت سے اس ایوان کو یہ باور کرانا چاہتا ہوں کہ مجھے امید ہے کہ ان شاء اللہ تعالیٰ یہ موجودہ حکومت کوہستان کو مزید وسائل فراہم کر کے کوہستان کے ان تینوں اضلاع کو فنکشنل بنائے گی، یہ میرا مطالبہ بھی ہے، میری عوام کا بھی مطالبہ ہے، انہی باتوں پہ میں اجازت چاہتا ہوں، بہت بہت مہربانی، بہت بہت شکریہ، تھینک یو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو۔ جناب نصیر اللہ خان وزیر صاحب!

<u>جناب نصیر اللہ خان</u>: تھینک یو ویری مچ، جناب سپیکر صاحب! سب سے پہلے میں خیبر پختونخوا حکومت کو جو ہمارے سی ایم صاحب اور ان کے جتنے بھی کیبنٹ ممبرز ہیں، ان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں، ایک بہترین عوام دوست بجٹ پیش کیا اور اس اسمبلی نے پاس کیا، کچھ چیزیں ایسی ہیں کہ ہم نے بھی، آگے اپنے ڈسٹرکٹ کے بارے میں بات کر لوں، کچھ مسائل جس کے ساتھ میں Face کر رہا ہوں، امید کرتا ہوں کہ یہ اسمبلی میرے ساتھ کھڑی رہے گی، ایک شعر ہے جو غریبوں کا دیا۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نصیرخان صاحب! ماسک واچوئ۔

جناب نصیراللہ خان: سر! ما به وئیل چې کمزورې شی----۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ماسک واچوئ چې دا نور ایم پی ایز به هم ماسک اولگوی، تاسو به هم اوکړئ جی۔

جناب نصیراللہ خان: ایک شعر ہے کہ:

جو غریبوں کا دیا پھونک کے سمجھتی ہے

ایسی کم ظرف ہواؤں سے الجھ بیٹھا ہوں

عرش والے میری توقیر سلامت رکھنا

فرش کے سارے خداؤں سے الجھ بیٹھا ہوں

(تالیاں)

جناب سپیکر صاحب! ہماری اے ڈی پی 20-2019، حافظ عصام الدین صاحب نے بھی کلیئر کیا کہ ہمیں 20-2019 میں کوئی پراجیکٹ ہم لوگوں کا ہو نہیں سکا، کیا وجوہات تھیں کہ اس میں ہمارے لئے سب سے بڑا ایک Hurdle ڈپٹی کمشنر ساؤتھ وزیرستان حمیداللہ خٹک بھی تھا، ایک ایسا انسان جو لاء ڈیپارٹمنٹ کو بٹھا کر وہ الفاظ ادا کر رہا ہے کہ یہ ایم پی اے کیا ہوتا ہے، میں آپ سب ایم پی ایز سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ ایم پی اے کیا ہوتا ہے؟ کیا ہمیں اپنی طاقت بحال نہیں کرنی چاہیئے، کیا ہمیں ڈی سی جیسے لوگ یہ کہیں گے کہ یہ ایم پی اے کیا ہوتا ہے؟ ہم Elected representative ہیں اپنے علاقے کے (تالیاں) ہم اپنے عوام کو Represent کر رہے ہیں، ایسے ڈی سی کو جن کو یہ عادت بھی کسی نے نہیں سکھائی کہ یار آپ نے کس طریقے سے میٹنگ کرنی ہے، کس طریقے سے بات کرنی ہے؟ ایسے ڈی سی کے اوپر ایکشن لینا چاہیئے۔ ہماری جو نئی اے ڈی پی 21-2020 میں بنی ہے اس میں سارے لوگوں نے امبریلہ سکیم ڈالی ہوئی ہے، Umbrella in the sense ہم لوگوں کی امبریلہ سکیم، جب آئی ڈی پیز بنے تھے، محسود ایریا 12-11-2010 سے سٹارٹ ہوتا ہے، آج تک جتنی بھی ہماری پینڈنگ سکیمز تھیں، ان کو اس اے ڈی پی کے اندر Add کیا گیا، ہمیں یہ بتایا جا رہا ہے کہ ہاں ہم یہ سارے پیسے آپ لوگوں پہ خرچ کر رہے ہیں، وہ پیسہ محسود قوم کا، محسود ایریا کا پینڈنگ پیسہ تھا، جب وہ لوگ وہاں آئی ٹی ڈی پیز ہوئے تھے تو ان لوگوں کا یہ پیسہ اس حکومت کے اوپر قرض تھا مگر کیا ہوا کہ 21-2020 میں اس کو Include کر

کے ہمیں پھر سے محرومیوں کی طرف دھکیلا جارہا ہے، ہمارے ایگریکلچر سیکٹر میں زیرو پرسنٹ ہمیں کچھ مل رہا ہے، وہ ایگریکلچر جہاں پہ 16 percent apple production صرف دو تحصیل وانا اور برمل صرف یہاں سے 16 percent پورے پاکستان کی 16 percent کی پروڈکشن وہاں سے ہے، وہاں پہ اور بہت ساری زرعی پیداوار ہو سکتی ہے، بہت سارے فروٹس ہیں لیکن ہماری زراعت میں ہمارے لئے کچھ بھی نہیں رکھا گیا، ہمارے ہائی وے، میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ ہمارے ہائی وے کے جو ایکسیئن ہیں، ایکسیئن صاحب تو نوکری اپنی جگہ پر کر رہے ہیں لیکن وہ ٹھیکیدار بنا ہوا ہے، ہر پراجیکٹ میں اس کی Percentages ہے۔ (تالیاں) یہاں پہ یہ وہ چیزیں ہیں جو ہمیں Hurt کر رہی ہیں، یہ وہ چیزیں ہیں جو ہماری طرف انگلیاں بڑھ رہی ہیں لوگوں کی، تو پھر میں نے ایک ڈیمانڈ کی ویمن اینڈ چلڈرن ہاسپٹل جو بدقسمتی سے میں آج آپ لوگوں کو بتانا چاہتا ہوں، بدقسمتی سے ساؤتھ وزیرستان ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہاسپٹل میں ہمارے پاس پورے ڈسٹرکٹ میں ایک گائناکالوجسٹ نہیں ہے، میں نے Propose کیا 21-2020 کے لئے کہ ویمن اینڈ چلڈرن ہاسپٹل ہمارے پورے علاقے میں وہاں پہ جو ہے، خواتین اور بچوں کے لئے کوئی ہاسپٹل نہیں ہے، اس کو انہوں نے Include نہیں کیا، میں یہ چاہتا ہوں کہ اس اسمبلی سے آپ لوگ میری آواز پہنچائیں تاکہ وہ اس میں Add ہو سکے۔ پھر ہمارے دو ڈگری کالجز وزیر اعظم عمران خان صاحب جب ساؤتھ وزیرستان آئے تو انہوں نے Clearly ہمارے لئے ساؤتھ وزیرستان کے لئے، وانا کے لئے ڈگری کالج فار گرلز اینڈ ڈگری کالج فار بوائز اناؤنس کئے، کیا اس ٹائم پی ایم صاحب کو ہم لوگوں نے غلط بریفنگ دی تھی، کیا یہاں یہ ڈیپارٹمنٹ کو نہیں پتہ تھا کہ یہاں پہ ان دو کالجوں کو Delete کیا گیا ہے جو کہ پی ایم ڈائریکٹیو تھا، ہمیں سو کلومیٹر پی ایم ڈائریکٹیو وانا کے لئے، سر، تھوڑا سا ہمیں سال میں ایک بار موقع ملتا ہے، ٹائم ہمیں تھوڑا سا زیادہ چاہیئے پلیز۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میرے لئے یہ تمام ممبرز جو ہیں، وہ قابل احترام ہیں۔

جناب نصیر اللہ خان: سر! بہت سارے ممبرز اپنی جگہ پر، ہمیں اس لئے زیادہ ٹائم چاہیئے کیونکہ آپ پورے سال میں صرف ایک دفعہ ہمیں موقع دیتے ہیں۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کے پاس اگلے دو منٹ ہیں، دو منٹ بات کریں، اگلے دو منٹ ہیں اور زیادہ ٹائم آپ کو نہیں مل سکتا ہے۔

جناب نصیر اللہ خان: سر! ہم لوگوں نے پہلے بات کی تھی۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اگلے دو منٹ میں بات کریں جی۔

جناب نصیر اللہ خان: نه، خبره به خو پوره کوم جی-----

جناب ڈپٹی سپیکر: اگلے دو منٹ بات کریں اور زیادہ نہیں۔

جناب نصیر اللہ خان: سرا زه به پوره خبره کوم، بس که دغه بند کوئ نو زه به چغې وهم چې تاسو څه هم کوئ جی-----

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئ جی۔

جناب نصیر اللہ خان: ہمارے سو کلو میٹرز کے لئے پی ایم ڈائریکٹیو تھا وہ ہماری اے ڈی پی میں Include ہوا ہے لیکن سی ایم ڈائریکٹیو بھی تھا جو مسعود ایریا کے لئے بھی سو کلو میٹر کا وعدہ کیا تھا لیکن اس کو بھی Delete کیا گیا ہے، ساتھ ہی چونکہ ہم لوگوں نے فنڈز تو بہت بڑے بڑے اناؤنس کئے لیکن ایلو کیشن بہت زیادہ کم ہے، میری یہ ریکویسٹ ہے کہ کم از کم پچاس پرسنٹ ایلوکیشن ہر سکیم کے ساتھ ہونی چاہیئے تاکہ وہ کام چل پڑے، اربوں روپے کا پراجیکٹ ہوتا ہے اور وہاں پر تین کروڑ، پانچ کروڑ اور چھ کروڑ روپے کی ایلوکیشن ہے تو تین، چار، پانچ کروڑ میں ان کی فائل بھی نہیں بن سکتی جو ہم لوگ یہ حکومت کے سامنے پیش کر سکیں، ہمارے (تالیاں) ہمارے 56 hundreds employees ہیں جو مختلف پراجیکٹس میں تھے، ای پی آئی میں تھے، ان بیچاروں نے بلکہ فاٹا ایف بی اے میں بھی بہت سارے نوجوانوں نے کام کیا، ایسے نوجوان بھی ہیں کہ اس میں وہ اغواء ہو چکے ہیں، ساؤتھ وزیرستان میں ان کو اپنی زندگی اس طرح کا سمجھ لو کہ ان کو Threat تھا، آج وہ بچے ضائع ہوتے جا رہے ہیں-----

جناب ڈپٹی سپیکر: نصیر خان! آپ وائنڈ اپ کریں۔

جناب نصیر اللہ خان: سرا ولې مونږه ته یو دوه منټه را کړه، سرا دا دوه منټه هم نه دی شوی-----

جناب ڈپٹی سپیکر: نہ نہ، وائنڈ اپ کریں، ستاسو ټائم پوره شو۔

جناب نصیر اللہ خان: مونږه ته تاسو اول نه اته منټه را کړی وو، سرا زه ستاسو ټولو نه اجازت غواړم، تاسو ماته اجازت را کړئ، دا اسمبلی دې ماته اجازت را کړئ-----

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ وائنڈ اپ کریں، مجھے تمام ممبران کو ٹائم دینا ہے۔

جناب نصیر اللہ خان: سرا دوہ منٹہ صبر او کړئ----

جناب ڈپٹی سپیکر: وائنڈاپ کریں، مجھے تمام ممبرز کو ٹائم دینا ہے۔

جناب نصیر اللہ خان: سر! زمونږه ډی سی ګان، ایکسیئن، هغه روډونه ټول Propose کوی لګیا دی، هغه پی اینډ ډی ته را لیږی چی په کوم باندی دوئ ته پیسی ملاؤیږی، چی په کوم کښی پیسی نه ملاؤیږی هغه روډونه ټول دغه دی، کوم چی د ضرورت روډونه دی، یو روډ ئے هم نه دے کړے، زمونږ ډی سی حمیدالله خټک خو د ټولو نه زیات کرپټ ترین ډی سی دے، په پوره خیبر پختونخوا کښی (تالیاں) زمونږه پی اینډ ډی ته هغه دومره سکیمونه راغلی دی، په دغه یو کښی هم د ایم پی اے ګانو سره مشاورت پکښی نشته، ټول چی چا په کوم ځائے کښی قائد اعظم صاحب استعمال کړے دے، هغه سکیمونه پی اینډ ډی ته راغلی دی، زمونږه دا ریکویسټ هم دے چی زمونږه نیکسټ میټنګ شته کنه، که Postpone شی (تالیاں) د هغی نه پس یوه غټه ګیله ده، یو غټه ګیله ده چی تاسو نن هم په اے ډی پی بک کښی په هر ځائے کښی فاټا او ساوتھ وزیرستان اورکزئی ایجنسی دا نومونه استعمالوئ، که چرته کښی تاسو باندی مونږه بوجھ وو نو مونږه ته ښکاره اووایئ، مونږه به بیا خپله لاره استعمال کړو، ولی مونږه چی په مرجډ کښی راغلو، مونږه د خیبر پختونخوا حصه جوړیدلو، په خیبر پختونخوا کښی مونږه مرجډ شو خو اوس په موقع باندی مونږه چی کوم محسوس کړه، تاسو نن هم مونږ په هغه سټیټس باندی ساتل غواړئ، (تالیاں) نن هم په مونږه باندی په ډی سی باندی د پاسه کمیټیانی جوړوئ، آیا دا ډی سی ګان زمونږه نه زیات لوئے دی، آرټیکل 62----

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی، شکریہ نصیر خان۔ محترمہ حمیرہ خاتون صاحبہ! آپ کا مائیک آن ہے، حمیره خاتون صاحبه! تاسو سټارټ کړئ، تاسو سټارټ کړئ جی، فلور تاسو سره دے جی۔

محترمہ حمیرہ خاتون: شکریہ جناب سپیکر صاحب! بجٹ پہ بات ہو رہی ہے، میں اپنے بھائی جو بات کر رہے تھے، میں ان کی Totally حمایت کرتی ہوں، فاٹا والوں کی تو ظاہر ہے اس بجٹ میں کوئی گنجائش نہیں

رکھی گئی ہے، میں نے اپنی بجٹ سپیچ میں بھی یہ بات رکھی تھی کہ فاٹا کے لئے کوئی یونیورسٹی، کوئی کالج، کوئی ہسپتال، کوئی پراجیکٹ نہیں رکھا گیا ہے (تالیاں) اور ہم سب فاٹا ممبران کے ساتھ ہیں، لہذا ان کی دلجوئی کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔اس بجٹ کے اندر تعلیمی سال کا جو طلباء کے لئے بہت زیادہ مشکل ترین سال ہے، خاص طور پر ان بچوں کے لئے، ان طلباء اور سٹوڈنٹس کے لئے جو یونیورسٹیز سے تعلق رکھتے ہیں، ان کو یہ کہا جارہا ہے کہ اب اس کے بعد ان کے لئے آن لائن کلاسز شروع ہوں گی، جبکہ ابھی پندرہ تاریخ سے ان کے Exams شروع ہونے کا ٹائم ہے، اس پر خصوصی توجہ دی جائے۔ دوسرا، میری لوکل گورنمنٹ کے لئے یہ بات ہے کہ ان کا اس بجٹ کے اندر۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> میډم! د یو څیز وضاحت ټولو ته کوم جی، دا نن چې تاسو کوم بحث کوئ دا په ضمنی بجټ باندې بحث او کړئ، ستاسو اینول بجټ پاس شوے دے، په هغې باندې بحث نه، تاسو په ضمنی بجټ باندې بحث او کړئ، زیات تر ممبران تاسو په اینول بجټ باندې بحث کوئ او هغه پاس شوے دے، تاسو چې خبره کوئ نو په ضمنی بجټ او کړئ جی۔

<u>محترمہ حمیرا خاتون:</u> اس میں بلدیاتی الیکشن کی بات جو ہے وہ واضح نہیں کی گئی کہ بلدیاتی الیکشن کے لئے لوکل گورنمنٹ کا کیا ارادہ ہے اور خواتین کے لئے بھی جو خصوصی فنڈ ہے، اس میں بھی خواتین کے مسائل یا Working women جیلوں کے اندر خواتین پیرا میڈیکل سٹاف کی جو خواتین ہیں، ان کے لئے بھی کوئی خاص خاطر خواہ ان کی دلجوئی نہیں ہوئی اس ضمنی فنڈ کے اندر، جو Skill ہے وہ اس پہ کوئی Skill Institute centre پہ کوئی توجہ نہیں دی گئی، اس کے لئے بھی کوئی فنڈ نہیں رکھا گیا۔ آئس نشے کے حوالے سے میری ایک درخواست ہے کہ 2014 میں یہ ایک Burring issue تھا جناب سپیکر صاحب! آپ کی توجہ چاہیئے، آئس کے لئے 2014 میں ایک بل پاس ہوا تھا، اس کی Implementation جو ہے وہ Grass root level کے اوپر بالکل زیرو ہے، میری آپ سے یہ درخواست ہے کہ اس کی Implementation کا جائزہ لیا جائے اور اس کو دیکھا جائے کہ اس پر کیا اقدامات ہو رہے ہیں؟ جبکہ آئس کا نشہ جو ہے اب وہ ہماری یونیورسٹیز، سکولز اور کالجز سے نکل کے ہمارے گاؤں کی گلیوں اور محلوں تک پہنچ چکا ہے، ہمارا ہر نو سے پندرہ سال کا بچہ آئس کے نشے میں Involved ہے، اس بجٹ کے اندر اس آئس نشے کے حوالے سے اگر کوئی بات ہے یا نہیں لیکن آپ اس پہ خصوصی

توجہ دیں کہ اس بل کی Implementation کا کیا حال ہے؟ پنشن کے حوالے سینیئر سیٹیزن کے لئے اس میں کوئی خاطر خواہ بجٹ نہیں رکھا گیا ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم! تاسو تہ ما مخکښې هم اووئیل چې دا ضمني بجټ دے، تاسو خبره په ضمني بجټ اوکړئ، ستاسو خو چې کوم بجټ پاس شوے دے، تاسو پرې لګیا یئ، میډم! تاسو په ضمني بجټ خبره اوکړئ۔

محترمہ حمیرا خاتون: جناب سپیکر! میں اپنی بات اس پہ ختم کر رہی ہوں کہ سینیئر سیٹیزن کے لئے جو پنشن رکھی گئی، وہ نکتہ بالکل آپ کے سینیئر سیٹیزن پنشن کے لئے قطاروں میں کھڑے ہوتے ہیں، آپ کا اے جی آفس جو ہے، اس کے اندر رشوت کا بازار گرم ہے، وہاں پہ ہمارے ساتھ اس کی Facts and figures موجود ہیں، آپ کے اے جی آفس کے اندر رشوت کا بازار گرم ہوتا ہے اور پنشن لینے والے جو ہمارے بزرگ ذمہ دران جو لوگ ہیں جو پنشن وصول کرتے ہیں، ان کی نہایت بے عزتی ہوتی اور ان کو رشوتوں کے بعد پنشن وہ قطاروں میں کھڑے ہو کر ملتی ہے۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب احمد کریم کنڈی صاحب۔

جناب احمد کنڈی: جناب سپیکر صاحب! وقت دینے کا شکریہ۔ ضمنی بجٹ جس پر آپ نے کہا کہ آرٹیکل 124 کے نیچے گورنمنٹ کا رائٹ ہے کہ وہ اس کو پیش کر سکتی ہے لیکن میرا اپنا جو ذاتی نظریہ ہے اس کے اوپر، وہ یہ ہے کہ جب تک آپ ان چیزوں کو اوپر سے ٹھیک نہیں کریں گے، جس طرح ہمارے فورمز ہیں، نیشنل فنانس کمیشن اور اس طرح کی باتوں کو جب آپ ڈسکس کریں گے، ڈیبیٹ کریں گے تو اس میں یہ سپلیمنٹری آجائے گا اور Access بھی آجائے گا، اینول بجٹ بھی آجائے گا، سب چیزیں آجائیں گی۔ میری گزارش ہے کہ پچھلی دفعہ فنانس منسٹر صاحب نے بڑے اچھے سوالوں کے جواب دیئے، سلطان خان نے بھی، ہم بڑے Educate ہوئے، کچھ سوالات انہوں نے Raise کئے، اس پر تھوڑی سی۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت یوسفزئی صاحب! آپ یہ پوائنٹس نوٹ کرتے جائیں۔

جناب احمد کنڈی: فنانس منسٹر نہیں ہیں، چلیں ٹھیک ہے کہ سلطان صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، جناب سپیکر صاحب! انہوں نے پچھلی دفعہ ٹارگٹ کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کو تین پرسنٹ جو این ایف سی کا ہے، مرجڈ ایریاز کے لئے ہے، اس میں سندھ جو ہے وہ Resist کر رہا ہے، میں ان کو چیلنج کرتا ہوں کہ اگر وہ کوئی

ڈاکومنٹس Black and white میں ان کے پاس ہے، سندھ نے Commit کیا ہوا ہے کہ جو Three percent میں وہ شیئر دے گا تو Definitely ہم ان کا موقف جا کر صحیح لڑیں گے بھی اور اس صوبے کے لئے لائیں گے بھی، لیکن میری معلومات کے مطابق وہ جماعت پاکستان پیپلز پارٹی چونکہ اس ملک کا جو مستقبل ہے، وہ Political consensus میں ہے، Political consensus ہو گا تو Political stability آئی گی، Political stability آئی گی تو Economic stability آئی گی جناب سپیکر، اس کی میں مثال دیتا ہوں کہ پیپلز پارٹی نے 2010 میں چودہ جماعتوں کو بٹھا کے اور آج چودہ بھائی اکٹھے نہیں ہو سکتے، ہم نے چودہ جماعتوں کو بٹھا کے 18th Amendments، میں صرف این ایف سی تک رہوں گا اور اس میں اس نے Gross devisible pool سے جو انہوں نے سب سے بڑا کام کیا، سب سے پہلے جو Collection charges ہوتے تھے، 2010 سے پہلے Five percent ہوتے تھے، Five percent کا مطلب ہے کہ تقریباً دو سو، ڈھائی سو ارب روپے وہ ہم نے One percent پر لائے، اس کا مقصد یہ تھا ہم وفاق کی اکائیوں کو مضبوط کرنا چاہتے تھے، ہم پراونشل اٹانومی دینا چاہتے تھے 'خپلہ خاورہ خپل اختیار' کا نعرہ مارنے والے لوگ ہمارے ساتھ تھے (تالیاں)

اس کے بعد پھر ہم نے کیا کیا کہ War on terror پر One percent ہم نے رکھا تا کہ چھوٹے صوبوں کو مالی طور پر فائدہ ہو، اس کے علاوہ آپ اگر دیکھ لیں، ہم نے Vertical share بڑھایا 57.5 percent پر ہم لے کر گئے جو صوبوں کو ہم نے دینا ہے، صرف Vertical share ہم نے نہیں بڑھایا، یعنی ابھی آپ کو Comparison کر کے دیتا ہوں۔ جناب سپیکر! 57.5 percent ہم نے Vertical share بڑھایا، پھر آپ آئیں Horizontal share پر پاکستان میں خود مختاری کے نام پر ایک تلخ تاریخ موجود ہے کہ 1971 کا آپ کو پتہ ہو گا، آپ مجھ سے زیادہ تاریخ جانتے ہیں لیکن پاکستان پیپلز پارٹی نے 2010 میں خود مختاری دی صوبائی حکومتوں کو اور آپ نے دیکھا کہ وہ Vertical share میں کیا ہوا، اس میں Multiple indicator تھا، Population ہم نے Eighty two percent کی، Back ward اور Poverty ہم نے 10.7 percent کی، Revenue generation ہم نے Five percent کیا، Inverse population density جو کہ بلوچستان کو فائدہ دیتی ہے، میرے مرج ایریا کو فائدہ دے گی، 27220 square kilometers میرا مرج ایریا ہے اور جب ان Indicator کی بنیادوں پر فیصلے ہوں گے تو ان کو فائدہ ہو گا، یہ پاکستان پیپلز پارٹی اور اس

کی اتحادی جماعتوں نے ان چھوٹے صوبوں کی مالی مفاد کا مقدمہ لڑا، یہ ہماری تاریخ ہے، اس کے علاوہ آپ دیکھ لیں، اس حصے میں سے ہمیں 14.62 percent خیبر پختونخوا کو ریونیو ملتا ہے، میں یہ کیوں کہتا ہوں کہ Political consensus ہو، آج اگر ہمارے فنانس منسٹر اور اگر ہماری حکومت 10th کمیشن ایوارڈ کرتی ہے تو ہمارا یہ شیئر 14.62 percent سے لے کر 17.18 percent پر جائے گا۔ جناب سپیکر! 2.56 percent ہمارا ریوینو بڑھے گا اور 2.56 percent کا مطلب ہے کہ ڈیڑھ دو سو ارب ہمیں زیادہ ملیں گے، تو پھر آپ سپلیمنٹری بھی کریں، Access بھی کریں، آپ کا Volume بڑھے گا، آپ کا Annual budget بڑھے گا، ہمارا پہیہ چلے گا، ہزارہ کو بھی پیسے ملیں گے، آپ کے حلقے کو بھی ملیں گے، ڈیرہ اسماعیل خان کو بھی ملیں گے اور Merged areas کو بھی ملیں گے۔ جناب سپیکر! اب کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ان کا مسئلہ کیا ہے؟ آرٹیکل 160 نیشنل فنانس کمیشن بڑا کلیئر اور Categorically کہتا ہے، The President shall constitute the National Finance Commission consisting of، اس کی Composition پر میں بات کر رہا ہوں، "consisting of the Minister of Finance of the Federal Government, the Minister of Finance of the Provincial Governments, and such other persons as may be appointed by the President after consultation with the Governors of the Province." لیکن ان سے Composition ہوئی، سوال آپ سے کرتے ہیں کہ ان کی تو Composition ہی نہیں ہے تو ایوارڈ کیا کرے گا؟ جناب سپیکر! ہمیں ان کی نالائق اور نااہلی کی وجہ سے درد ہوتا ہے، ہماری Composition نہیں ہو گی (تالیاں) تو ہم ایوارڈ کہاں سے کریں گے؟ جب جس گھر کی بنیاد نہیں ہو گی تو وہ گھر کیسے کھڑا ہو گا؟ نہ ہمارا Volume بڑھے گا، سب سے بڑا نقصان میرے صوبے کو ہے، میری ان سے کوئی ذاتی لڑائی نہیں ہے، میں کہتا ہوں کہ فنانس منسٹر Technically sound ہیں لیکن Political capacity کی کمی ہے، Political consensus یہ نہیں Develop کر سکتے اور Political consensus develop نہیں ہو گا تو ایوارڈ نہیں ہو گا، (تالیاں) ایوارڈ نہیں ہو گا تو میرے صوبے کو مسئلہ ہو گا، میرے Merged area کو مسئلہ ہو گا اور اگر Merged area کو آپ Anti take لے لیں، اگر Merged area کو آپ علیحدہ لیں بالکل کے پی سے تو 4.6 percent این ایف سی سے شیئر بنتا ہے، میرے لوگ چیخیں نہیں ماریں گے جو ایکس فاٹا سے آئے ہوئے ہیں، 4.6

یہ اگر آپ علیٰحدہ لیں، 27220 سکوائر (تالیاں) کا مطلب ڈیڑھ دو سوارب روپے percent کلو میٹر کا جغرافیہ ہے، یہ جتنے بھی Indicators ہیں، یہ ہم نے ان کو دیئے ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی اور اس کی اتحادی جماعتوں نے اس کو دیئے، اس میں ریونیو کو زیرو رکھا ہے، جناب سپیکر! Merged area حالانکہ وہ زیرو ہو نہیں سکتا، اگر فنانشل ایکسپرٹس بیٹھیں، میں کوئی اکانومی کا بندہ نہیں ہوں، میں دیہات سے تعلق رکھتا ہوں لیکن میں اس صوبے کا درد رکھتا ہوں، مجھے پتہ ہے اگر کوئی اس صوبے میں دلچسپی لیں تو اس میں Capacity ہے جو کہ ان کی نااہلی کی وجہ سے ہم محروم رہ رہے ہیں۔ جناب سپیکر! میں صرف آپ سے گزارش کرتا ہوں، آپ کا وقت زیادہ نہیں لوں گا، صرف آخر میں ایک شعر بولوں گا اور اختتام کروں گا:

اس حکومت کے انداز عجیب دیکھے ہیں یارو
گونگوں سے کہا جاتا ہے بہروں کو پکارو

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ نعیمہ کشور صاحبہ!

محترمہ نعیمہ کشور: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب! آج ہم ضمنی بجٹ پر بحث کر رہے ہیں، ہم اکثر سنتے ہیں کہ یہ Educated لوگ ہیں، اچھی پلاننگ کرتے ہیں، Experts لوگ ہیں، ٹھیک ہے میں یہ بھی مانتی ہوں کہ آئین کا آرٹیکل 124 ہمیں اجازت دیتا ہے کہ ہم ضمنی بجٹ پیش کر سکیں، آج مجھ سے ان چیزوں کی اجازت لی جا رہی ہے، آج اس ایوان سے ان چیزوں کی اجازت، ان پیسوں کی اجازت لی جا رہی ہے کہ جس کا ہمیں پتہ نہیں ہے کہ انہوں نے یہ خرچ کئے ہیں، تو پھر میں کیسے ان کو اجازت دوں اور میں کیسے یہ مان لوں کہ ٹھیک ہے؟ آپ کو آرٹیکل 124 اجازت دیتا ہے کہ وہ کونسا Disaster آیا تھا، کونسے ایسے حالات آئے تھے، مجھے اس کتاب میں کوئی ایسا ایشو نہیں ملا کہ میں وہ بیان کر سکوں کہ ہاں یہ Disaster آیا تھا اور انہوں نے یہ خرچہ کیا ہے، انہوں نے ہمیں یہ بتایا ہے، یہ ہمیں بتاتے ہیں کہ ہم سادگی اپنائیں گے، ہم گاڑیاں نہیں لیں گے، ہم زیادہ خرچے نہیں کریں گے، آج یہ بار بار کہہ رہے ہیں کہ ہم ملازمین کی تنخواہیں نہیں بڑھائیں گے ورنہ ہمیں اتنا لمبا لمبا ٹیکس دینا پڑے گا یا ہمیں اتنے پیسے لگانے پڑیں گے تب ہم تنخواہیں بڑھائیں گے ورنہ نہیں بڑھائیں گے، پھر کیا وجہ ہے کہ اس ضمنی بجٹ میں جو کہ انتیس ارب روپے کا ہے، ہم سے لیا جا رہا ہے، اگر میں غلط Quote نہ کروں تو ہاں انتیس

ارب سے زیادہ ہے، پھر انہی اللوں تللوں پر خرچ ہوا ہے، اگر آپ دیکھیں تو انفارمیشن ٹیکنالوجی کو ہم دے رہے ہیں، تنخواہ اور الاؤنسز میں دے رہے ہیں، ریوینو اسٹیٹ کو ہم دے رہے ہیں، تنخواہ اور الاؤنسز میں دے رہے ہیں، ایکسائز میں فگر نہیں بتاؤں گی، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کو دے رہے ہیں، تنخواہ اور الاؤنسز میں دے رہے ہیں، جیلخانہ جات کو دے رہے ہیں، تنخواہ اور الاؤنسز میں دے رہے ہیں۔ ایڈمنسٹریشن آف جسٹس کو نئی گاڑیاں خریدنے کے لئے دے رہے ہیں، ان چیزوں پر ہم ضمنی بجٹ خرچ کر رہے ہیں، جتنا بھی کر رہے ہیں، کیوں ہمیں نہیں پتہ کہ ہم نے ان کی تنخواہیں دینی تھیں، ہم نے ان کے الاؤنسز دینے تھے، ہم نے ان کے یوٹیلٹی بلز دینے تھے، بی آر ٹی کو بھی ہم ضمنی بجٹ دے رہے ہیں، اس بی آر ٹی پر جس پر ہم سارا سال روتے رہے کہ کب یہ مکمل ہو گی، اس پر بھی ہم وہ ضمنی بجٹ خرچ کر رہے ہیں جس کا ہم نے بجٹ سے پہلے حساب کتاب ہی نہیں لیا گیا اور آج جو ہمیں کہہ رہے ہیں کہ یہ خرچے تو ہم نے کر دئیے ہیں، آپ ربڑ کی سٹیمپ لگا کر اس کو پاس کر لیں، یہ اسمبلی ہے، ربڑ کی سٹیمپ تو نہیں ہے کہ آپ نے خرچے کئے ہیں اور ہمیں کہہ رہے ہیں کہ یہ ربڑ کی سٹیمپ ہے، آپ اس پر لگا لو، اگر آپ نے تنخواہیں اور الاؤنسز دینے ہیں تو آج بھی ہم آپ کو کہہ رہے ہیں کہ ملازمین جو سڑکوں پر بیٹھے ہیں ان کی تنخواہیں بڑھا دیں، ان کو الاؤنسز دے دیں، کیوں نہیں دے رہے؟ مجھے خوشی ہوتی کہ اگر آج یہ بولتے کہ ہاں Disasterآیا تھا، کورونا آیا تھا، ہمیں خوشی ہوتی، ٹھیک ہے کہ ایک مسئلہ آیا تھا، ہم اس پر لگا لیتے، ہم کہہ دیتے کہ ٹھیک ہے ایک Disasterآیا تھا، ہم نے اس پر ایک بجٹ Spend کیا ہے، اگر یہاں پر یہ ہوتا کہ ایجوکیشن پر ہم نے خرچ کیا ہے، ہاں میں مان لیتی کہ ٹھیک ہے، ہمیں ایک ضرورت ہے، ہمارے بچوں کو اور ہمیں خوشی ہے، یہ پورا ہاؤس اور اس کی خوشی ہیں، بڑی خوشی سے اس کا وہ بجٹ دے دیتے کہ ہاں یہ اس پر لگا ہے، ہمارے نئے ضم اضلاع ہیں، ہمارا تو فاٹا سے وہ سلوک ہو گیا، ہمیں تو ادھر سے کاٹ کر ادھر پھینک دیا کہ آپ جانو اور آپ کا کام جانے، ادھر تھوڑا سا زیادہ بجٹ دے دیتے تو ہمیں خوشی ہوتی کہ ٹھیک ہے نئے اضلاع ضم ہوئے ہیں، ان کو تھوڑا دے دیتے ہیں یا اگر یہ کرتے جس طرح ہم سیاستدان بدنام ہیں، یہ اسمبلی خرچے کرتی ہے اور سیاستدان بھی بڑے خرچے کرتے ہیں، اسمبلی نے زیادہ خرچے کئے ہیں ان کو دے دیتے، ان میں یہ چیزیں اور یہ سارے محکمے اس میں شامل نہیں ہیں، اگر اس کو آپ دیکھ لیں لیکن دوسری بک میں سارے شامل ہیں، اس میں تو میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ہم سے کس چیز کا مشورہ کیا، پہلے انہوں نے کیوں پلاننگ نہیں کی؟ یہ تو بڑے ایکسپرٹ لوگ ہیں، ان چیزوں کا ان کو پتہ نہیں تھا تو پھر کیوں ہم سے

جناب لطف الرحمان: نہیں، میں یہاں پر بیٹھا تھا اور آپ نے کہا کہ پارلیمانی لیڈرز بات کرتے ہیں،اس دفعہ ہم دوسرے ممبران کو موقع دیتے ہیں۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہاں، بالکل جی۔

جناب لطف الرحمان: میں نے اس وقت اعتراض نہیں کیا کیونکہ ممبران سوچیں گے کہ ہمیں موقع نہیں دیا جاتا۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب لطف الرحمان: لیکن ایک ترتیب ہوتی ہے جو ترتیب ہماری طے تھی تو اس ترتیب کے مطابق چلنا تھا، اب جو تقریر اپوزیشن لیڈر کی تھی۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس میں جی قانوناً کوئی ترتیب ہے نہیں کہ فلاں بات کرے گا اور یہ، لیکن میں نے تمام آنریبل اپوزیشن ممبرز کو ٹائم دیا ہے، تمام آنریبل اپوزیشن ممبرز کو۔

جناب لطف الرحمان: جناب سپیکر صاحب! روایات ہوتی ہیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Even میں نے اپنے ایم پی ایز کو جو ہمارے گورنمنٹ سائڈ کے ہیں، ان کو بھی ٹائم نہیں دیا۔

جناب لطف الرحمان: روایات جو ہوتی ہیں، میں نے تو آج اپوزیشن لیڈر کی جگہ پر تقریر کرنی تھی اور پارلیمانی لیڈر کی طرف سے شروعات یہاں سے ہونی تھیں تو پھر وہ ترتیب جیسے بھی آپ چلاتے ہیں لیکن آپ نے بالکل اس کو الٹ کرکے، آپ آخر میں ہمیں موقع دے رہے ہیں کہ آپ بات کریں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: وائنڈاپ تقریر آپ کو دے رہے ہیں۔

جناب لطف الرحمان: بہرالحال میں، بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر! ضمنی بجٹ کے حوالے سے ہمارے تمام ممبران نے تفصیل کے ساتھ باتیں کی ہیں اور Rule 124 کے حوالے سے اس کو استعمال کرنا اور اس کے تحت ضمنی بجٹ بنانا، اس حوالے سے بھی تمام ممبران نے بات کی ہے اور اس کی ضرورت ہوتی ہے، نااہلی کی وجہ سے آپ اس کو استعمال کرتے ہیں، اس پر بھی تفصیل سے بات ہوئی ہے اور حکومت کی نااہلی، اس کی معاشی ٹیم کی، نااہلی اس حوالے سے بھی تفصیل سے باتیں ہوئی ہیں اور جو بجٹ آپ کا تھا اس حوالے سے بھی ہم نے باتیں کی ہیں کہ وہ کیوں آپ کی جو اپنی رقم تھی آپ اس کو خرچ نہیں کرسکے اور ضمنی بجٹ کی ضرورت کیوں پیش آئی؟ ضمنی بجٹ جو ضرورت کے مطابق اگر ناگہانی آفات آتی ہیں تو اس حوالے سے استعمال ہوتا ہے اور Rule 124 کو Used کیا جاتا ہے لیکن یہاں ایک روٹین بن گئی ہے، اس حوالے سے بھی ہمارے ممبران نے بھی بات کی ہے۔ میں اخراجات جاریہ کے حوالے سے جو آپ کی پوری تفصیل ہے، میں اس حوالے سے پوری تفصیل، ہمارے تمام ممبران نے بیان کی ہے، میں

اس میں سے ایک چیز کا ذکر کرنا چاہتا ہوں کہ بیس نمبر پر جو دیگر کے حوالے سے لکھا گیا ہے، دیگر کے حوالے سے اور اس میں چار ہزار گیارہ سو بیس روپے جو رکھے گئے ہیں، چار ہزار گیارہ سو بیس روپے، یہ چار ہزار گیارہ سو بیس روپے Token money کے طور پر جو یہاں پر رکھی گئی ہے اور بنیادی طور پر یہ جو ہیرا پھیری ہے اور بعد میں یہ اربوں میں یہ چیز چلی جاتی ہے، اربوں روپے کا پراجیکٹ ہوتا ہے جس پر اربوں روپے خرچ ہوتے ہیں، اس میں Re appropriation کی جاتی ہے، اس وقت ممبران کی آنکھوں میں بھی دھول جھونکی جاتی ہے، ہم Token money کے طور پر یہاں پر پیسے رکھتے ہیں لیکن چار ہزار گیارہ سو بیس روپے نہیں ہیں بلکہ یہ اربوں روپے ہیں۔ جناب سپیکر! اس میں جو دوسری بات ہے، اس حوالے سے میں ذکر کروں گا جس میں ذکر ہے، اس پی ایس ڈی پی کے حوالے سے جس پر 26 ارب 55 کروڑ اور تین لاکھ 99 ہزار 101، تو یہ جو پی ایس ڈی پی کے حوالے سے اخراجات کے ضمنی بجٹ میں آپ کو کیوں ضرورت پڑی ہے؟ یہ تو بنیادی طور پر آپ کو مرکز نے فنڈ دینا تھا، پی ایس ڈی پی سے آپ کو پیسے ملنے تھے لیکن آپ کی حکومت کی نااہلی کی وجہ سے کمزوری کی وجہ سے آپ پی ایس ڈی پی سے پیسے نہیں لے سکے اور آپ کو مرکز نے ہری جھنڈی دکھا کر آپ کو کہا ہے کہ آپ اپنی طرف سے خود استعمال کریں اور اس کے لئے آپ خود انتظام کریں جس کو آپ ضمنی بجٹ میں لے کر آپ اس کے اخراجات یہاں اسمبلی سے منظور کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ جناب سپیکر! اگر ہم تمام یہاں پر چیختے ہیں، یہاں ہمارے پارلیمانی لیڈرز نے بہت ساری باتیں کی ہیں، ہمارے صوبے کے حقوق کے حوالے سے بات کی ہے، بجلی رائیلٹی کے حوالے سے بات ہوئی ہے، گیس کی رائیلٹی کے حوالے سے بات ہوئی ہے اور بجلی کے فرسودہ سسٹم جس سے آپ کو بجلی فراہم کی جاتی ہے، اس حوالے سے بھی باتیں ہوئی ہیں لیکن اپوزیشن آپ کو کہتی ہے کہ ہم حکومت کے ساتھ کھڑے ہو کر ہم اپنے حقوق مرکز سے لینا چاہتے ہیں، ہم آپ کے ساتھ کھڑا ہونا چاہتے ہیں (تالیاں) لیکن آپ ہمارے اس جذبے کو جو اس صوبے کے لئے ہے، اس صوبے کے عوام کے لئے ہے، اس کو آپ قبول نہیں کر رہے ہیں، الٹا جو کمزوریاں آپ کی ہیں ہم بیان کرتے ہیں، اس پر آپ ناراضگی کا اظہار بھی کرتے ہیں کہ آپ کی مرکزی حکومت پی ٹی آئی کی حکومت ہے اور پی ٹی آئی کی حکومت ہوتے ہوئے مجھے ایسا لگ رہا ہے کہ میں نے پچھلے دنوں بھی اس میں جب تقریر کی تھی تو اٹھارہویں ترمیم کے حوالے سے میں نے بات کی تھی کہ جو اٹھارہویں ترمیم، جو حق ہے ہم نے اختیارات صوبوں کو منتقل کئے تھے، آپ کی مرکزی حکومت ان اختیارات کو بھی چھیننا چاہتی ہے، غصب کرنا چاہتی ہے جو ہم کسی بھی

صورت میں (تالیاں) ان کو نہیں دیں گے۔ جناب سپیکر! یہ دو باتیں بجٹ کے حوالے سے جو میں نے کی ہیں وہ اپنی جگہ پر ہیں جو Technically میں نے اس کو آپ کے سامنے رکھا ہے، ایوان کے سامنے رکھا ہے، ممبران کے سامنے رکھا ہے کہ یہ ہماری حکومت کی کمزوری ہے، نااہلی ہے، جو بھی آپ اس کو نام دیں وہ نام اس پر Fit کیا سکتا ہے لیکن وہ مرکز سے اپنا حق، جو ان کی اپنی حکومت ہے وہ دینے کو تیار نہیں ہے۔ جناب سپیکر! دوسری بات یہ ہے کہ ہمارا صوبہ بھی اس وقت قرضے لینے پہ آیا ہے، یعنی ہمارا یہ غریب صوبہ اس وقت قرضہ لیتا ہے، سود کے اوپر قرضہ لیتا ہے پھر اس سود کو ادا کرنا پڑتا ہے، سود کے اوپر سود آتا ہے اور ہم اس کو ادا کرتے ہیں۔ جناب سپیکر! جہاں ہمارا دارومدار مرکزی حکومت کے محصولات پر ہوتا ہے، وہاں ہم اپنے قرضے لے رہے ہیں اور اس پر سود در سود چڑھ رہا ہے، اس سود کو ہم نے صوبے کے عوام نے اور صوبے نے اس کو Pay کرنا ہوتا ہے۔ جب ہماری حکومت تھی تو ہم نے خیبر بینک کو لون دیا تھا، ہم نے فارن ایکسچینج وہاں پر ہم نے انویسٹ کیا باقاعدہ صوبے کی طرف سے اور صوبے نے کما کر دیا لیکن آج کی صورتحال یہ ہے کہ ہم قرضے لے رہے ہیں اور سود در سود پر لے رہے ہیں، سود ہمیں Pay کرنا ہے، اس عوام نے Pay کرنا ہے۔ جناب سپیکر! جہاں ہماری حکومت کو یہ سوچنا چاہیئے تھا کہ ہم اپنے صوبے کو پاؤں پر کیسا کھڑا کر سکتے ہیں، ہم معاشی طور پر پورے پاکستان میں بہتر صوبہ کیسے بن سکتے ہیں؟ تو وہاں ہماری صورتحال یہ ہے کہ ہم اپنے وسائل کو بھی اور جو وسائل ہمارے صوبے کے ہیں، ایسے وسائل شاید کسی دوسرے صوبے میں نہیں ہیں، پانی سے ہم مالامال ہیں، معدنیات سے ہم مالامال ہیں لیکن آج تک ہم اس کے لئے کوئی بہتر پالیسی نہیں بنا سکتے، ہم مرکز سے اپنے پانی کا حق وصول نہیں کر سکے، معدنیات کے حوالے سے ہم نے آج تک ایسی کوئی پالیسی نہیں بنائی جو پچھلی حکومت کے دوران تین سال تک ہم اپنی پالیسی نہیں دے سکے، آج بھی ہم اس میں پھنسے ہوئے ہیں کہ ہم لوگوں کو لیز پر معدنیات نہیں دے سکے، اس کو پروان نہیں چڑھا سکتے، اپنے صوبے کو ہم نے جو رقم دی جو پورے صوبے کو چلا سکتی ہے، اس کو ہم اوپن نہیں کر سکتے، دنیا کے سامنے نہیں لا سکتے، اس کو ہم دنیا کی مارکیٹ میں نہیں لا سکتے کہ ہم دنیا کی مارکیٹ میں بیچ سکیں، ہمیں چاہیئے کہ ہم اپنے اس صوبے کو اپنے پاؤں پر کھڑا کریں، اس طرف ہمیں دھیان دینا چاہیئے، ہم اس طرف سوچیں، ہمارے جو ذخائر ہیں، ان پہ جو ہمارا مرکز پر حق بنتا ہے وہ حق ہم صوبے کے لئے وصول کریں۔ میں نے پچھلے دنوں بھی بات کی تھی، میاں نثار گل بیٹھے ہیں، ہمارا پورا یہ سدرن ڈسٹرکٹس کا جو آدھا ایریا ہے وہ احتجاج پر تھا، سڑکوں پر تھا، تب جا کے حکومت ان کے ساتھ بیٹھی

ہے اور معاملات طے کئے کہ وہ ہم اپنا صوبہ اپنے ان اضلاع کو وہ حق نہیں دے رہے تھے تو لہذا ہمیں سوچنا چاہیئے اس حوالے سے بھی کہ ہم کس طریقے سے اپنے علاقوں کا حق بھی نہ ماریں، مرکز سے بھی اپنا حق وصول کر سکیں اور پورا صوبہ بھی چلا سکیں لیکن اس پہ ایک اور بات کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے تمام فاٹا ممبران جو ہیں انہوں نے آج یہاں پر اپنے حقوق کا رونا رویا ہے تو یہ رونا جب Merged نہیں ہوا تھا یہ علاقہ تو یہ رونا کبھی بھی فاٹا کے ممبران نے نہیں کیا تھا لیکن آج اس صوبے کے ساتھ Merge ہونے کے بعد یہ تمام ان کے حقوق کی بات جو یہ کر رہے ہیں، ان کو وہ حقوق نہیں مل رہے تو آیا ہم نے جب اس حوالے سے بات کی تھی تو ہم نے جب Merger کے خلاف بات کی تھی تو وہ سیاسی لحاظ سے ہم نے کی تھی اور ہم نے کہا تھا کہ وہاں پر لوگوں سے پوچھا جائے کہ وہ کیا چاہتے ہیں؟ لوگوں سے آپ ووٹ لیں، لوگوں سے آپ ریفرنڈم کے ذریعے ووٹ لیں کہ وہ یہ چاہتے ہیں کہ ہمیں Merge کریں صوبے کے ساتھ یا وہ اپنا صوبہ بنانا چاہتے ہیں؟ جناب سپیکر! دونوں باتیں آپ ان کے سامنے رکھیں اور پھر جا کر آپ ان سے ووٹ لیں، جو فیصلہ عوام کریں گے وہ سارے پاکستان کو نہیں بلکہ پوری دنیا کو وہ قبول ہوگا لیکن ہم نے ایسا نہیں کیا، ہم نے ایک بہت بڑی سیاسی غلطی کی اور یہ وقت بتائے گا کہ یہ سیاسی غلطی ہوئی ہے لیکن ہم نے پاکستان کی بہتری کے لئے بات کی تھی، ہماری پارٹی کا موقف تھا تو پاکستان کی بہتری کے لئے تھا، وہاں کے عوام کی بہتری کے لئے تھا، آج اگر وہاں کے عوام کو حقوق نہیں مل رہے تو پھر یہ ہمارے صوبے کی حکومت کی سب سے بڑی کمزوری ہوگی، آج ہم وہ جو این ایف سی کے حوالے سے 33 فیصد ان کو ملنا تھا وہ ہم ان کو نہیں دے سکتے، سو ارب سالانہ دینا تھا وہ ہم ان کو نہیں دے رہے اور ان کو اٹھانا تھا، اس علاقے کو سیٹلڈ علاقے کے برابر لانا تھا، آج تک ہم اس میں ایک ذرہ برابر بھی اس میں پیش رفت نہیں کر سکے۔ دوسری بات یہ ہے، کل بھی پولیس کے حوالے سے بات ہوئی، جو واقعات رونما ہوئے اور Recently جو واقعہ رونما ہوا جس سے ہماری پوری قوم کا سر شرم سے جھک گیا ہے اور جو سفاکانہ عمل ہوا ہے، اس پر پورے محکمے کی بدنامی ہوئی ہے اور پھر ہمارے ممبران نے یہاں پر اس حوالے سے بات کی، ہم نے پولیس ایکٹ یہاں پر بنایا تھا، اس کو پاس کیا تھا، بابک صاحب نے بھی اس پر تفصیل سے بات کی، میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں واقعتاً اور سلطان خان نے کل بات کی تھی، اس کے لئے ہمیں سپیشل اجلاس میں دوبارہ اس پر ڈسکشن ہونی چاہیئے اور تفصیلاً ہمیں اس پر بات کرنی چاہیئے، ہمیں واپس اس کو Revisit کرنا چاہیئے۔ جناب سپیکر! ایک بنیادی بات ہے کہ اگر فورس کو چاہے وہ پاکستان کے لیول پر ہو، چاہے صوبے

کے لیول پر ہو، چاہے ضلع کے لیول پر ہو، جب تک اس کو Civilian لوگوں کے ماتحت نہ کیا جائے، اس فورس کو نہ چلایا جائے تو وہ فورس کبھی بھی اس ملک، ضلع اور صوبے کو نہیں چلا سکتی، وہاں پر Civilian لوگوں کا ہونا ضروری ہوتا ہے اور ہر چیز کی اپنی ایک ٹریننگ ہوتی ہے، اس میں پولیس کی اپنی جگہ پر ٹریننگ ہے، فورس کی اپنی جگہ پر ٹریننگ ہوتی ہے، اس نے کس طرح استعمال ہونا ہے اور اس کو آرڈر دینے کے لئے ضرورت ہوتی ہے کہ Civilian لوگ اس کو چلائیں، جب تک Civilian لوگ اس کو نہیں چلائیں گے تب تک آپ اس سے خاطر خواہ نتائج نہیں نکال سکتے۔ جب انہوں نے خود فیصلے کرنے ہوتے ہیں، جب اختیارات آپ ان کو تفویض کرتے ہیں اور وہ اختیارات انہوں نے استعمال کرنے ہیں تو پھر آپ سمجھ لو کہ آپ کا سسٹم اس سے چل نہیں سکتا، پھر اس طرح کے معاملات رونما ہوں گے، لہذا ہمیں دوبارہ اس پر تفصیلاً بات کرنی چاہیئے اور Revisit کرنا چاہیئے اس پورے معاملے کو اور اس پر تفصیلاً تمام ایوان کو بات کرنی چاہیئے، ہمیں دوبارہ جا کر اس پر از سر نو اس کا جائزہ لے کر اس کی جو بھی خامیاں ہیں، ان کو ہم دور کریں تب جا کر ہمارے یہ معاملات چل سکیں گے۔ ابھی آپ یہاں پر ہمارے ایک ممبر نے بات کی وہ خیبر کا جو واقعہ ہوا جس میں ایک بندہ شہید ہوا، اس کو قتل کیا گیا، اس کا کوئی پتہ نہیں چلا کہ کس نے اس کو قتل کیا؟ اس پر احتجاج ہو رہا ہے، یہاں پر کل وہ ایس پی کے حوالے سے ذکر ہوا، اس کو آج تک ہم معلوم نہیں کر سکے، آج یہ واقعہ ہوا ہے، یہاں پر ممبران نے دوسرے واقعات کا ذکر کیا ہے، جو قتل کئے گئے لیکن آج تک اس کا معلوم نہیں ہو سکا، لہذا ہمیں ایک قوم بننا ہے اور ہم نے ترقی کرنی ہے، ہم نے دنیا کی صف میں شامل ہونا ہے تو ہم اس طرح کے حالات کی طرف چلیں گے تو یہ ملک نہیں ہوتے، اس طرح ملک نہیں چلا سکتے اور نہ اس طرح صوبے چلا کرتے ہیں، لہذا ہمیں ضرورت ہے اس بات کی کہ ہم سنجیدگی سے اس پر بات کریں۔ ابھی پرسوں جب میں نے بات کی اس بی آر ٹی کے حوالے سے تو کامران بنگش جو ہیں وہ جذباتی ہو گئے، جناب سپیکر! جذباتی ہونے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ وہ نہیں بن سکا، کتنے سالوں میں بنا اور ہم نے چھ مہینے کے بجائے اگر اڑھائی سال گزر گئے تو کیا ہوا اور وہ جذباتی انداز میں اس نے جو باتیں کی ہیں، ہم نے تو بات کی تھی کہ اس کی ڈیزائننگ کیسی ہوئی تھی، اس پراجیکٹ کی لاگت کیا تھی سٹارٹ میں اور پھر بعد میں اس کی لاگت کیا تھی، اس کی ڈیزائننگ میں کیا خرابیاں تھیں کہ جس کو آئے روز آپ اس کو توڑتے ہیں اور نئے سرے سے اس کو بناتے ہیں؟ ابھی Recently رمضان شریف میں پل توڑے گئے اور دوبارہ ان کو بنایا گیا، یہ ہم نے تو اس کی ڈیزائننگ پر بات کی تھی کہ آخر ان سے پوچھا جائے کہ ڈیزائننگ

کس نے کی تھی، اس کی کوئی انکوائری ہو گی، اس کی کوئی پوچھ گچھ ہو گی کہ پتہ چلے کہ آکر خرابی کہاں تھی، کن کی غلطیاں تھیں، کیا ہوا تھا، کس وجہ سے ہماری اس قوم کا پیسہ وہ ضائع ہوا کہ توڑو اور پھر بناؤ، یہ ڈیزائننگ کہاں کی ڈیزائننگ ہے؟ آج آپ مجھے بتائیں کہ دو سال ہو گئے ہیں کہ بسیں کھڑی ہیں اور وہ دھوپ کی وجہ سے یہ بسیں جو ہیں وہ تقریباً گل سڑ گئی ہیں، ان کے ٹائروں کا کیا ہو گا، ان کی Maintenance کے اوپر جو پیسے آئیں گے وہ اضافی پیسے آپ کو دینے ہوں گے، اس حوالے سے میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ہم اگر اپوزیشن کی طرف سے کوئی بھی بات کرتے ہیں تو اس کا بنیادی مقصد یہ ہوتا ہے کہ ہم بہتری کی طرف کیسے جا سکتے ہیں؟ ہم اگر تنقید بھی کرتے ہیں تو وہ مقصد بنیادی یہ ہوتا ہے کہ وہ تنقید کی بنیاد اس پر ہو کہ اس کو بہتری کی طرف لے جا سکیں، ہم اس صوبے کو بہتری کی طرف لے جا سکیں، صوبے کے عوام، صوبے کے لوگ، یہ صوبہ کس طرح آگے ترقی کر سکتا ہے، اس پر ہم Participate کرتے ہیں، آپ کو بتاتے ہیں، آپ پر تنقید کرتے ہیں، تو مقصد یہ ہوتا ہے کہ آپ کو معلوم ہو جائے کہ کہاں پر ہم نقصان کو کس طریقے سے دور کر سکتے ہیں؟ جناب سپیکر! جاتے جاتے میں آخری بات کروں گا، اس پر پچھلی حکومت نے ہمیں ایک فی میل کالج دیا تھا تحصیل ہیڈ کوارٹر میں، اس کی Land Acquisition بھی ہوئی تھی لیکن آج تک وہ کالج نہیں بنا، شاید میرے خیال میں پچھلے سات سالوں میں میرے حلقے میں دو پرائمری سکول بڑی مشکل سے بنے ہیں، یہ صورتحال ہے آپ کی پوری حکومت میں، اگر آپ اس کی مناسبت سے پورے صوبے کو دیکھیں تو آپ کو سمجھ میں آتا ہے کہ ہم نے کتنے کالج بنائے ہیں، کتنے سکول بنائے ہیں، ایجوکیشن میں ہم کتنے آگے گئے، کس طرح ہم نے ایمرجنسی لگائی؟ میں اس کی تفصیل میں نہیں جاتا، کس طرح یکساں نظام تعلیم ہم نے رائج کر دیا اور کس طریقے سے ہم نے انگلش اور اردو سب کو برابر کر دیا؟ بہر حال باتیں تو بہت تھیں لیکن میں بس اس پر اختصار کرتا ہوں، آپ نے ٹائم دیا، ٹائم پر میں نے تفصیل سے بات کی۔ وآخِرُ الدَعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: عنایت اللہ خان صاحب!

<u>جناب عنایت اللہ</u>: جناب سپیکر صاحب! میں مختصر بات کروں گا، مجھے پتہ ہے کہ حکومت کے وزراء اور ممبران کے جو Nerves ہیں، اعصاب جواب دے چکے ہیں اور وہ ایوان سے نکلتے جا رہے ہیں، ایوان خالی ہے، گیلریز بھی خالی ہیں، افسران کی گیلریز بھی خالی ہیں، اس لئے میں مختصر بات کروں گا۔ ضمنی بجٹ جو ہے اس کی ضرورت اس لئے پیش آتی ہے کہ یا حکومت سال کے دوران کوئی ایمرجنسی ہو جاتی ہے یا فنانشل

ڈسپلن ہوتا ہے، میرے خیال میں توCovid Relatedاس میں کوئیExpenditureاس بجٹ کے اندر مجھے نظر نہیں آرہا ہے، یہ تو ہم نہیں کہہ سکتے ہیں، البتہ فنانشل ڈسپلن ہوتا ہے، گوکہ اس کے لئے آئین کے اندرCover موجود ہے،Rule 124کے مطابق ضمنی بجٹ آسکتا ہے، یہ جو آئین کے اندر آرٹیکل 120 سے لے کر آرٹیکل 125 تک جوClausesہیں وہ ہمارے صوبے کے اندر جو فنانشل معاملات ہیں، ان کو ریگولیٹ کرتی ہیں، اس کے حوالے سے تفصیلی چیزیں بتاتی ہیں، ہمارے مرکز کے ساتھ جوRights کے معاملات ہیں وہ آرٹیکل 158، 159، 160 اور آرٹیکل 163 یہ ہمارے Rights جو ہیں وہ Determineکرتے ہیں۔ اصل مسئلہ جو میں نے اپنی بجٹ سپیچ کے اندر، جنرل بجٹ سپیچ کے اندر کہا تھا، میں اس کو دوبارہRepeatکروں گا کہ آرٹیکل 119 کے تحت یہ جو ایکٹ لانا ہے، آپ کو فنانشل مینجمنٹ ایکٹ لانا ہے، وہ فیڈرل گورنمنٹ میں 47 سال بعد پاس ہو چکا ہے، جب تک آپ اس کو Introduceنہیں کریں گے، یہ جو پارلیمنٹری سکروٹنی ہے، یہEnsureنہیں ہو گی۔ یہ جو بجٹ کے اندر جو ضمنی فگرز آتے ہیں یہ کیسے تیار ہوتے ہیں، کہاں تیار ہوتے ہیں، کیسےReappropriateہوتے ہیں، کس حلقے میں جاتے ہیں؟ اس کی کوئی تفصیل، آپ کی ایک ایک چیز کی تفصیل میں نے وائٹ پیپر اور آپ کے جو ضمنی بجٹ کی پوری کتاب ہے، ڈاکومنٹ ہے، وہ بھی پڑھی ہے اور یہ سپیچ بھی، اس میں کوئی تفصیل نہیں ہے، یہ تقریر جو ہے، میں نے دس سال کی تقریریں اٹھا کر دیکھی ہیں، اس میں اردو کے وہی الفاظ ہیں، آپ دیکھ لیں، کوئی بھی آپ میں سے یہ کتاب دس بارہ سالوں کی اٹھا کر دیکھ لیں، یہی الفاظ ہیں جو آپ کی بیوروکریسی کے لوگ لکھ دیتے ہیں اور آپ اس کو طوطے کی طرحRepeatکرتے ہیں، تو سچی بات یہ ہے کہ یہ ضمنی بجٹ جو ہے، جب ایمرجنسی نہ ہو تو یہ فنانشل ڈسپلن ہے اور یہ تبھی ختم ہو گا جب پارلیمنٹری سکروٹنی کوEffectiveبنایا جائے اور وہ تبھی ہو گا جب آپ آئین کی دفعہ 119 کے تحت جو فنانشل مینجمنٹ ایکٹ ہے وہIntroduceکریں گے، میں یہ چاہوں گا کہ جو بھی تقریر کرے گا وہ ہمیں Dateبتادیں،Cut-off dateبتادیں کہ کب تک وہ ایکٹ لا رہے ہیں؟ 47 سال ہو گئے ہیں، مرکز کے اندر 47 سال بعد پاس ہوا ہے، آپ صوبے کے اندر کب لا رہے ہیں؟ جناب سپیکر صاحب! میں دوسری بات یہ کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے بجٹ کے اندر یہ کہا ہے کہ جو آپ کا جنرل بجٹ تھا، مین بجٹ تھا، اس میں آپ نے وائٹ پیپر کے اندر این ایف سی کے حوالے سے لکھا ہے کہ جو 2017 کاCensusہے، اس کے مطابقCalculationنہیں ہو رہی ہے، مطلب آپ فیڈرل گورنمنٹ سے یہ بات کیوں نہیں اٹھاتے

ہیں؟ وہاں آپ کی حکومت ہے، ادھر آپ کی حکومت ہے، فنانس منسٹر صاحب نے اپنی بجٹ سپیچ میں اتنے اہم نکتے کو Ignore کر دیا کہ 2017 کا جو Census ہوا ہے، اس کے مطابق آپ کو پتہ ہے کہ ہماری آبادی اوپر چلی گئی ہے اور 'مرجڈ' ایریاز کے ساتھ ہماری آبادی مزید بڑھ گئی ہے، یہ جو فگرز ہیں، اس کا جو Accumulative effect ہو گا، بھئی آپ نیا این ایف سی نہیں کرا رہے ہیں، مجھے پتہ ہے وہ بالکل آپ کی حکومت میں نیا این ایف سی نہیں ملے گا، آپ نیا این ایف سی نہیں دے رہے ہیں لیکن پرانے این ایف سی کے اندر تو خدارا یہ فگرز درست کریں، یہ Calculation آپ 2017 کے Census کے مطابق کریں۔ جناب سپیکر صاحب! یہ ہمارے بادشاہ صالح صاحب بیٹھے ہوئے تھے، میرے منہ کو دیکھ رہے تھے کہ آپ اس بات کے اندر مجھے سپورٹ کریں، آپ نے یہاں ٹورازم کے حوالے سے بات لکھی ہے، ٹورازم کو آپ نے اضافی پیسے دیئے ہیں، انہوں نے کمراٹ کی بات کی، کمراٹ کو ڈیویلپ کرنے کی بات ہم سب کہہ رہے ہیں کہ آپ کمراٹ کو ڈیویلپ کریں، کمراٹ کے لئے کوئی ماسٹر پلان بنا دیں، کمراٹ کے لئے کوئی ماسٹر پلان حکومت کی طرف سے اور ٹورازم ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے نہیں ہے یا جو کمراٹ کا Eco environment ہے وہ تباہ اور خراب ہو رہا ہے، کمراٹ آئندہ آٹھ دس سال کے اندر جو بے ہنگم وہاں لوگ جا رہے ہیں جس طریقے سے بے ہنگم ڈیویلپمنٹ ہو رہا ہے وہ ڈیویلپ نہیں ہو گا اور جو لوکل لوگوں کے Rights ہیں وہ اگر آپ چھیننے کی کوشش کریں گے تو آپ کو مسئلہ ہو گا، یہ بات اس نے مجھے بتا دی کہ آپ بھی اپنی طرف سے کر دیں، میں چونکہ اس حلقے کا نہیں ہوں، میرا گھر اس سے چار پانچ گھنٹے کے فاصلے پر ہے لیکن میں اس کو ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ آپ اگر کمراٹ کے لوکل لوگوں کے Rights کو ہڑپ کریں گے کسی قانون کا بہانہ بنا کر تو وہ آپ کو اس کے نتیجے میں بدامنی ملے گی، وہاں کے لوگ اٹھ کھڑے ہوں گے۔ ایم پی ایز حضرات بھی یہ کہہ رہے ہیں کہ ایم پی ایز ہاسٹل کی بھی کوئی بری حالت ہے، آپ خود ادھر ان چیزوں کو ڈپٹی سپیکر، میرے خیال میں اس کو آپ ریگولیٹ کرتے ہیں، آپ کے ہاتھ میں ہے، بہت سے ایم پی ایز نے مجھے کہا کہ آپ ہاسٹل کی بات کریں، میں خود ایم پی ایز ہاسٹل میں نہیں رہتا ہوں لیکن وہ کہہ رہے ہیں کہ بہت بری حالت ہے۔ یہ اسمبلی کا جو سٹاف ہے، آپ کا جو بجٹ ہے، بڑا Smoothly آپ کا یہ سیشن چلا، اپوزیشن کے ساتھ وہ تلخی آپ کی نہیں رہی اور اپوزیشن نے آپ کے ساتھ بہت زیادہ گزارہ اس مرتبہ کیا ہے، سچی بات یہ ہے کہ گزارہ ہمیشہ حکومتیں کرتی ہیں لیکن اپوزیشن نے آپ کے ساتھ گزارہ کیا ہے، اس لئے میں آپ سے یہ گزارش کرتا ہوں کہ یہ جو اسمبلی کے ملازمین ہیں،

ان کی یہ ڈیمانڈ ہے کہ جس طرح باقی بجٹ کے اندر ان کو اضافی Honoraria ملتا ہے اور باقی جو ٹریڈیشن ہے، اس کے مطابق ہمیں بھی وہ دیا جائے۔ جناب سپیکر صاحب! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے وقت دیا، ویسے میں نے اپنا نام نہیں دیا تھا اور میں نے آخر میں اپنا نام دے دیا لیکن ظاہر ہے رولز جو ہیں وہ میں نے چیک کئے، میں بات نہیں کرنا چاہتا تھا لیکن میں نے خوشدل خان صاحب سے Consult کیا، وہ Lawyer ہیں، ڈپٹی سپیکر رہے ہیں اور میں نے رولز آف بزنس بھی پڑھے کہ یہ رولز آف بزنس مجھے کہیں اس سے تو نہیں رکواتے کہ میں بات نہیں کر سکتا ہوں، آپ کی ترتیب میں بالکل میں Bottom پر ہوں، اس میں کوئی مسئلہ نہیں ہے، وہ ظاہر ہے جس نے پہلے نام دیا ہے وہ درست ہے لیکن رولز کے مطابق میں بات کر سکتا ہوں، اس وجہ سے میں نے بات کر لی۔ تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو جی۔ عنایت صاحب! آپ نے بھی بات کی، دو تین ایم پی ایز نے پہلے بات کی، ہمارا اسمبلی سٹاف جو Honoraria کی بات کر رہا ہے، یہ بات آپ میرے ساتھ میرے چیمبر میں بھی کر سکتے ہیں، میں نے اپنے سینیئر تمام سٹاف وغیرہ سے ایک بات پوچھی، انہوں نے کہا کہ ایسی کوئی بات ہم نے نہیں کی ہے کہ ہمارے لئے آپ اعزازیہ کی بات کریں، تھینک یو۔ محترمہ عائشہ بی بی صاحبہ!

محترمہ عائشہ بی بی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سب سے پہلے میں شکریہ ادا کرتی ہوں جناب سپیکر صاحب! آپ کا کہ آپ نے مجھے موقع دیا کیونکہ ٹائم کم ہے، میں جلدی جلدی کچھ باتیں آپ سے ڈسکس کرنا چاہوں گی۔ سب سے پہلے تو میں صوبائی حکومت کو خراج تحسین پیش کرنا چاہتی ہوں کہ انہوں نے ہمیں پہلی دفعہ سابقہ فاٹا کا بجٹ پیش کیا، جناب سپیکر! کے پی کے حکومت کا ایک متوازن بجٹ۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ کے پی کے آپ نہ بولیں، خیبر پختونخوا بولیں یا کے پی بولیں، یہ کے پی کے نہیں ہے۔

محترمہ عائشہ بی بی: جی کے پی، خیبر پختونخوا حکومت کا ایک متوازن بجٹ پیش کرنا یہ ایک خوش آئند بات ہے جس میں غریب طبقے کا، عوام کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عبدالسلام صاحب! آپ ماسک پہن لیں۔

محترمہ عائشہ بی بی: جناب سپیکر! میرا تعلق چونکہ ضلع مہمند سابقہ فاٹا سے ہے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: فیصل زیب صاحب، ماسک پہن لیں۔

محترمہ عائشہ بی بی: اور ترقی کے لحاظ سے وہ بہت پیچھے ہے تو میں وہاں کے مسائل کے بارے میں یہاں پر بات کرنا چاہتا ہوں۔ جناب سپیکر! پچھلے سال سابقہ فاٹا کے لئے جو رقم مختص ہوئی تھی وہ حصہ ہمیں پورا نہیں

ملا، اس سال چونکہ سابقہ فاٹا کے لئے 183 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں جو کہ ایک بہت اچھی بات ہے، میں گزارش کروں گی کہ یہ حصہ فاٹا کو ہی جانا چاہیئے کیونکہ میرا تعلق ضلع مہمند سے ہے، میں وہاں کے مسائل کے بارے میں یہاں پر بات کروں گی۔ جناب سپیکر صاحب! میں آتی ہوں۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم! یہ ضمنی بجٹ ہے، اگر آپ نے ضمنی بجٹ پر بات کرنی ہے تو بالکل کر سکتی ہیں، اس لئے کہ ضمنی بجٹ ہے، باقی بعد میں ہمارے جو سیشن ہوتے رہیں گے، آپ اپنے حلقے کے حوالے سے بات کر سکتی ہیں۔

محترمہ عائشہ بی بی: سر! اس طرف آتی ہوں۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اور میں تمام آنریبل ممبرز کو جو ٹائم دے رہا ہوں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر! یہ ٹھیک کہہ رہی ہیں کہ وہ اپنے علاقے کی۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم! آپ بیٹھ جائیں، آپ بیٹھ جائیں جی، بیٹھ جائیں، آپ نے اپنی باری پر بات کر لی ہے، ابھی آپ یہاں پر نہ بولیں، ہر چیز میں آپ اٹھ جاتی ہیں، آپ بیٹھ جائیں۔

محترمہ عائشہ بی بی: ضلع مہمند کے لئے سپیشل پیکج رکھا جائے کیونکہ ہمارا جو ضلع مہمند ہے وہ ترقی کے لحاظ سے بہت پیچھے ہے اور وہاں پر بنیادی سہولتیں جو ہیں، جیسا کہ پانی، صحت، تعلیم، بجلی، گیس نہ ہونے کے برابر ہیں، وہاں پر ہمارے لوگوں کو بہت زیادہ مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، میں سب سے پہلے تعلیم کے بارے میں بات کروں گی یہاں پر کیونکہ تعلیم نہ ہونے کے برابر ہے، تعلیمی ادارے نہیں ہیں، لوگ تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں لیکن وہاں پر ادارے نہیں ہیں، میری تین جو وہاں پر تحصیل ہیں، انبار، خویزئی، بائی زئی، وہاں پر فی میل کو تو چھوڑیں وہاں پر تو میل کے لئے بھی ہائی سکول نہیں ہے، ایسے علاقے بھی ہیں کہ جہاں پر پرائمری سکول تک نہیں ہے۔ جناب سپیکر! اس کے بعد میں صحت کے بارے میں بات کروں گی کہ قبائلی اضلاع کے پی میں ضم ہوتے ہی ساتھ صوبائی حکومت نے سابقہ فاٹا کے تمام اضلاع کے ہر گھر کے ہر فرد کو صحت کارڈ مہیا کیا جس کی بنا پر میں شکریہ بھی ادا کرتی ہوں اپنے وزیر اعظم عمران خان کا اور بالخصوص خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ محمود خان صاحب کا کہ انہوں نے صحت کارڈ کے اجراء کو یقینی بنایا، اس سے بھی ضلع مہمند میں صحت کارڈ کے جو مسائل ہیں کافی حد تک اس سے بہتر ہو گئے ہیں۔ آخر میں ٹائم کم ہے لیکن سب سے جو اہم مسئلہ ہے، اس طرف میں آنا چاہتی ہوں، وہ یہ ہے کہ ضلع مہمند میں اور میری ہی تحصیل میں جو

ورسک ڈیم واقع ہے، ورسک ڈیم کی رائیلٹی اور مراعات پر صرف اور صرف وہاں ضلع مہمند کے لوگوں کو حق حاصل ہے اور ان کا ہونا چاہیئے، جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ وزیر اعظم۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم! یہ پرسوں بھی بات ہوئی تھی اور اس کی وضاحت کر دی تھی، آپ کو شاہد رائیلٹی کا مسئلہ معلوم نہیں ہے، رائیلٹی اس جگہ کو ملتی ہے جس کی زمینیں Affected ہوئی ہوں تو یہ باقاعدہ اس کے رولز میں آیا ہوا ہے کہ جس علاقے کی زمینیں خراب ہوئی ہوں تو ان سے Affected area وہ ڈسٹرکٹ پشاور ہے، اس پہ 2007 کا نیپرا کا ایک فیصلہ بھی ہے کہ یہ ڈسٹرکٹ پشاور کا آتا ہے، تھینک یو ویری مچ۔ عبدالسلام صاحب! دوه منټه کېنئ به ټولې خبرې کوې ځکه چې Time limit د ټولو پوره شو، زه صرف ځکه چې زمونږه آفيسرز هم ناست دی او ټائم شوے دے، مونږه وئيلی وو چې درې گهنټې به سيشن چلوؤ او دا تقریباً څه کم پينځه گهنټې مونږه اوچلولو۔ جی عبدالسلام صاحب!

محترمہ صوبیہ شاہد: جناب سپيکر صاحب! نيم نيم سپيچ خو به ورته زه خراب کړم، په مينځ کښې۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تاسو هر ځائے کښې ټوپ وهئ جی۔

جناب محمد عبدالسلام خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ ډيره ډيره شکريه، جناب سپيکر صاحب! يو طرف ته کورونا د ټولې دنيا معيشت باندې او د دنيا طاقتور ترين ملکونو چې کوم مضبوط معيشت وو، هغه ئے تباه کړل، دغسې د هغې اثر په پاکستان باندې هم راغلو، هغه مضبوط ملکونو کښې په لکهونو، کروړنو سرکاری ملازمين د ملازمتونو نه برخاست شو، په کهربونو ډالرز د هغوی معيشت ته نقصان اوشو، دغه سې د پاکستان معيشت ته هم ډير غټ نقصان اورسيدو، خاص کر زمونږ کے پی ته هم ښه کافی نقصان هغې کښې اورسيدو، تقريباً ايک سو ساٹھ ارب روپئ بجټ کښې خساره راغله، د کورونا د وجې نه نقصا ن اوشو، معيشت ته ډير غټ نقصان اوشو، د هغې وجې نه د ضمنی بجټ ضرورت وو، دې وخت سره مونږ د هغې حمايت کوؤ۔ جناب سپيکر صاحب! معذرت سره يو دوه خبرې زما موضوع نه هټ کر ځکه ما پرون نه هغه بله ورځ بجټ باندې بحث د پاره ټائم غوښتے وو خو هغې کښې ماته ملاؤ نه شو نو زه معذرت سره يو دوه درې زما مطالبات دی، هغه زه پيش کوم۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یو منټ کښېنئ د ننه د ننه ئے اووایئ جی۔

جناب محمد عبدالسلام: ټولو نه اول زه د مردان سره تعلق ساتم، مردان د کے پی دویم نمبر غټه ضلع ده په پېښور پسې، محکمه صحت کښې چونکه هیلته ډیپارټمنټ باندې ایمرجنسی ده، هلته کښې د هیلتھ ډیپارټمنټ مردان میډیکل کمپلیکس دے، ډسټرک هیډکوارټر هاسپټل او باچا خان میډیکل کالج هغې کښې د فنډ د کمی د وجې نه هلته کښې کار ډیر سستئ سره روان دے نو مهربانی به وی که هلته کښې مو هغې ته فنډز دغه کړل چې هغې کښې-----

جناب ڈپٹی سپیکر: عبدالسلام صاحب! تاسو د ګورنمنټ سائډ نه یئ، دا کوم ایشوز چې کوم دی، تاسو خپل منسټر صاحب سره کښېنئ، دا ډسکس کړئ، په ضمنی بجټ باندې خبرې اوکړئ او دا نور ایشوز چې دی که تاسو او زمونږه آنریبل ایم پی ایز دا نور هم د خپلې حلقې خبرې کوی نو هغه که خپل منسټرانو سره او خپل ګورنمنټ دے، هغوی سره دې کښینی او خبرې دی اوکړی جی۔

جناب محمد عبدسلام: جناب سپیکر صاحب! یو ډیمانډ بل دے، یو منټ، یو ډیمانډ زما بل دے-----

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب! زه به هم خبره کوم کنه----۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ثوبیه شاهد صاحبه! تاسو کښېنئ جی۔

جناب محمد عبدالسلام: د فنانس منسټر صاحب نه دے ناست دې وخت کښې، زما یو ډیمانډ بل دے د تنخواه په حوالې سره، موجوده حالاتو کښې یا دې نه مخکښې لږه مهنګائی راغلې ده، مونږ ته د هغې احساس دے، زما د فنانس منسټر صاحب ته ریکویسټ دے، د کے پی وزیر اعلیٰ صاحب ته مو ریکویسټ دے، په تنخواه ګانو کښې د اضافې ریکویسټ دے، خاص کر مونږ دلته معزز اراکین پارلیمنټیرین چې دی، د دوئ په تنخواه کښې دې بالکل اضافه نه کیږی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تاسو ممبر یئ، په دې خبره پوهیږئ چې بجټ پاس شوے دے جی، بجټ پاس شو، دا ضمنی بجټ دے، دې سره د تنخواګانو څه تعلق نشته، دومره خو ځان تاسو هم پوهه کړئ، آنریبل ممبرز یئ، د رولز نه هم تاسو خبر یئ چې بجټ پاس شو کنه، صرف خبرې کوئ جی، تھینک یو۔ جناب فضل حکیم صاحب!

جناب فضل حکیم یوسفزئ: شکریه، جناب سپیکر صاحب! Thank you ji, bundle of thanks۔ زما یو دوه ریکویسټس وو، بجټ خو ډیر په سخته کښې دا مونږ پاس کړو خو زه یو ریکویسټ کوم چې بجټ باندې بحث کول دا زمونږه د حکومت کار نه دے، دا د اپوزیشن والا کار دے چې په هغې کښې زمونږ نه څه غلطیانې شوې وی، زمونږ نه څه کوتاهی شوې وی، دا اپوزیشن دا کار دے چې د هغې نشاندهی اوکړی او مونږه د هغې دغه اوکړو، نو جناب سپیکر صاحب! زه د خپل حکومت مخې ته هم وایم چې مهربانی اوکړئ چې دا اسمبلی چې کوم ده دا د ټول کے پی کے د فیصلو یو Decision۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کے پی کے نه، خیبر پختونخوا یا کے پی وایه

Mr. Fazal Hakeem Yousafzai: KPK decision…..

جناب ڈپٹی سپیکر: دا کے پی کے نه دے، فضل حکیم صاحب! دا کے پی کے نه دے۔

جناب فضل حکیم یوسفزئ: خیبر پختونخوا او کے پی کے خیر یو شے دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نه دے یو شے، په دې باندې به زه تاسو پوهه کړم جی، یو منټ په دې تاسو ځان پوهه کړئ، خیبر پختونخوا کښې خیبر یو Word دے او پختونخوا بل دے، دا Two words دی، کے پی دا پختونخوا دوه Words نه دی۔

جناب فضل حکیم یوسفزئ: دلته د خیبر پختونخوا فیصلې کوی، زمونږ د پاره قابل قدر دی، زمونږ د پار عزت دار دی، زما یو ورور وختی یو خبره اوکړه چې دا جمهوری حکومت دے، دا د عوامو حکومت دے او دا د عوامو نمائنده دے، زه دلته د اسمبلئ د ممبر په حیثیت باندې ټولو ممبرانو ته وایم چې کوم آفیسر ستاسو عزت نه کوی، ستاسو بے عزتی کوی نو یقین اوکړه دا د پی ټی آئی د انصاف حکومت دے، ان شاء الله تعالیٰ هغه به په دې صوبه کښې هم نه وی، زه ټولو ته وایم چې دا ستاسو حکومت دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریه جی، ډیر مهربانی۔ انیته محسود صاحبه، نشته، زبیر خان صاحب!

جناب زبیر خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ ډیر ه مننه جناب سپیکر صاحب! زه خو په بجټ بحث نه کول غواړم خو یو فاضل رکن زمونږ علاقه کښې یو سکیم شوے

وو، په هغې باندې ئے اعتراض کړے دے ، زه صرف د هغې لړ Explanation کول غواړم۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Short ئے اوکړه جی۔

جناب زبیر خان: بس یو دوه منټه به اخلم، بس دومره ټائم به راکوئ۔ زمونږ آلائی بټه گرام چوړې د آلائی حصه ده او د صدو نه هغې باندې د سواتی قوم عمل داری ده، سواتی قوم چې په آلائی کښې اوسیږی، دا په اته قبیلو باندې مشتمل دے او دا چې کومه آبادی ده، د شلو دویشتو حصو کښې تقسیم شوې ده او هرې حصې ته بیگ وئیلې کیږی او دا څو څو بیگونه د دې سواتی قوم خپل خپل د قبیلو حصه ده جی، بیا دیکښې چې کوم انچارج مقرر کیږی مونږ ورته په خپل لوکل ژبه کښې مقدم وایو جی، دا هغې قلنگ چې کوم اغستے کیږی هغه هم دا سواتی قوم اخلی۔ کوم کس دې ته دننه کول غواړی یا ترې وښکل غواړی نو هغه اختیار هلته د سواتی قوم سره دے۔ بله خبره دیکښې دا ده چې هلته که څه واردات اوشی که وړوکی لیول باندې وی نو هغه سواتی قوم کښینی په جرگه ئے حل کوی، که نه وی نو فوجداری مقدمات اوشی نو هغه د آلائی په تهانه کښې پی ایس بهنه کښې د هغې رپورټونه شوی دی او ډسټرکټ بټه گرام سیشن کورټ هغې کښې سزاگانې ورکړې دی، څوک ئے سزا کړی دی او څوک ئے بری کړی دی، نو صدو نه په دې علاقه باندې تر اوسه پورې د سواتی قوم عمل داری ده او تر نن تاریخ پورې دا نن نه مخکښې او دې نه پس دا د سواتی قوم او په دې باندې چې څه هم کیږی نو سواتی قوم هغې ته تیار دے ، دې نه یو قسم شاته کیدې نه شی۔ ستاسو ډیره ډیره مننه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ټهیک شوه جی۔ محمد شفیق آفریدی صاحب!

جناب شفیق آفریدی: *تھینک یو جناب سپیکر صاحب۔ میں اگر بجٹ پر بات کرنا چاہوں تو وہ ویسے بھی پاس ہوگیا ہے لیکن یہ تو حق بنتا ہے کہ ایک ٹارگٹڈ بجٹ تھا، مشکل حالات میں ایک بہت اچھا بجٹ پیش ہوا ہے۔ اس کے علاوہ جو سپلیمنٹری بجٹ ہے وہ بھی اپوزیشن والے اعتراض کر رہے ہیں کہ خرچے بڑھ رہے ہیں، عوام پر جو خرچ ہو رہے ہیں، اس پہ کوئی اعتراض نہیں ہے، ہمیں تو ڈر تھا کہ یہ Covid-19 کی وجہ سے عام لوگوں کا تاثر یہ تھا کہ یہ ہمارے جو 'مرجڈ' اضلاع کا فنڈ ہے، اس پر بھی کٹ لگے گا لیکن اس پر کوئی کٹ*

نہیں لگا، ایک بہترین کام کرنے کی وجہ سے فنانس ڈیپارٹمنٹ اور پوری ٹیم قابل ستائش ہے لیکن ساتھ میں ایک تجویز بھی پیش کرنا چاہتا ہوں، ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ جن 'مرجڈ' اضلاع کے لئے خاص کر جدھر Militancy affected areas ہیں، پورے ضلع میں وہ ایک تحصیل ہے جس طرح پورے خیبر میں باڑہ Militancy affected اور Terrorism affected area ہے وہاں پر پور انفراسٹرکچر Demolish ہو گیا تھا، ابھی جو Division ہوتی ہے وہ Constituency wise ہر ممبر جو ہے وہ حصہ مانگتا ہے، میری تجویز یہ ہے کہ یہ Need basis پر ہونا چاہیئے اور Need basis پر اس لئے کہ ہمارے لنڈی کوتل میں Irrigated land نہیں ہے لیکن سب سے زیادہ فنڈ وہ لے گئے ہیں، تو یہ ترجیحات ہونی چاہیے اور دوسرا اس میں یہ ہے کہ میرا حلقہ جو ہے ایک سو پچاس کلو میٹر سے بھی لمبا ایک Radius کا حلقہ ہے اور جو دو حلقے میرے ضلع میں ہیں وہ ایک آٹھ کلو میٹر Radius کا ہے اور جو بالکل حیات آباد کے ساتھ Attached ہے، ادھر کمپلیکس کے ساتھ اس کا ڈیڑھ کلو میٹر کا فاصلہ ہے لیکن یہ ترجیحات ہونی چاہیے کہ ہمارے وزیر اعظم کا وژن ہے کہ ان علاقوں کو پہلے ہم اٹھائینگے جو پسماندہ ہیں، محروم ہیں، میرے حلقے میں ایسے بھی علاقے ہیں کہ بہتر سال سے کوئی آفیسر بھی ادھر نہیں گیا ہے۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> وائنڈاپ کریں جی۔

<u>جناب شفیق آفریدی:</u> ادھر پچاس ہزار تک آبادی ہے، اس لئے میری یہ تجاویز ہیں کہ ہم روزگار اور تعلیم کے سلسلے میں ابھی تجاویز دیتے ہیں لیکن کوئی ادھر Accept کرنے والا نہیں ہے، وہ یہ ہے کہ دس سال سے میرے۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> شفیق صاحب! آپ گورنمنٹ کی سائڈ سے ہیں، منسٹر صاحب سے بعد میں بات کر لیں جی۔

<u>جناب شفیق آفریدی:</u> سر! ایک منٹ، دس سالوں سے ہمارا تعلیمی سلسلہ رکا ہوا ہے، نئے سکولز نہیں ہیں، ہم نے تجویز دی کہ ادھر فوری طور پر کمیونٹی سکول سسٹم شروع کیا جائے لیکن صرف پچاس سکول۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> تھینک یو جی۔ وزیرزادہ صاحب، دو منٹ میں وائنڈاپ کریں۔

<u>جناب وزیرزادہ:</u> شکریہ جناب سپیکر صاحب! میں چونکہ پاکستان خیبر پختونخوا کی اقلیتی کمیونٹی کو Represent کر رہا ہوں، سب سے پہلے میں شکریہ ادا کرتا ہوں، حکومت کا اور یہاں کے لوگوں کا کہ

پاکستان میں رہنے والی جو اقلیتی کمیونٹی ہے وہ دنیا کی خوش قسمت ترین کمیونٹی ہے کیونکہ پاکستان اقلیتوں کے لئے دنیا میں موزوں ترین ملک ہے، یہاں پر بسنے والے منارٹیز جو ہیں وہ اس ملک کے آزاد شہری ہیں، ان کو سارے حقوق اس طرح حاصل ہیں، میں اس اسمبلی کے فلور سے پوری دنیا اور خاص کر ہندوستان کو یہ بات بتانا چاہتا ہوں کہ پاکستان اور یہاں کے لوگوں سے آپ سبق سیکھیں کہ اقلیتوں کے ساتھ کیسے سلوک کیا جاتا ہے؟ خاص کر مسلم کمیونٹی جو اقلیتوں کا خیال رکھتی ہے، میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جناب سپیکر صاحب! یہ بجٹ جو پیش کیا گیا ہے، اس کو میں اس لئے تاریخی بجٹ ڈیکلئر کر رہا ہوں کیونکہ اس بجٹ میں کے پی میں رہنے والی جو منارٹیز ہیں، ان کے لئے جو بجٹ رکھا گیا ہے وہ تاریخی بجٹ ہے، آج تک کسی پارٹی کو یہ احساس نہیں ہوا اور نہ توفیق ہوئی، نہ ان کی قسمت میں تھا کہ ان کے لئے ہاؤسنگ سکیم اسی فیصد جو ہمارے اقلیتی لوگ ہیں، کے پی میں جو رہتے ہیں، ان کے اپنے گھر نہیں ہیں، یہ واحد پاکستان تحریک انصاف کی حکومت ہے کہ اقلیتوں کے لئے ہاؤسنگ سکیم اس بجٹ میں رکھی گئی ہے، میں اس کو ایک تاریخی بجٹ ڈیکلئر کر رہا ہوں، اس کے علاوہ یہاں پر بسنے والی جو ہماری اقلیتی کمیونٹی ہے، ان کے لئے جو روزگار سکیم رکھی گئی ہے، یہ بھی تاریخ میں ایک انوکھا اور ایک منفرد اور ایک زبردست بجٹ رکھا گیا ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> وائنڈاپ کریں جی۔

<u>جناب وزیرزادہ:</u> میں حکومت کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں، جناب سپیکر صاحب! میں چترال کے حوالے سے صرف ایک منٹ میں بات کروں گا۔ ہمارے محترم مولانا صاحب جو ہیں، اس کے علاوہ بادشاہ صالح صاحب نے بھی کافی باتیں کیں کہ چترال جیسے پسماندہ علاقے کو نظر انداز کیا گیا ہے، میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ جو دو دسٹرکٹس ہیں کس پارٹی نے دو ڈسٹرکٹس کر دیئے ہیں، چترال کو دو ڈسٹرکٹس بنا دیئے ہیں جو چودہ ہزار ایک سو پچاس اسکوئر کلومیٹر ڈسٹرکٹ ہے، لوگ پاکستان بننے کے بعد اس کی ڈیمانڈ کر رہے تھے، جناب سپیکر صاحب! دو ڈسٹرکٹس کے بعد چترال کے لئے بجٹ میں جو پیسے رکھے گئے ہیں، اپر ڈسٹرکٹ ہیڈ کواٹر کے لئے بیس کروڑ روپے رکھے گئے ہیں، ہمارے ایم پی اے صاحب رہ گئے ہیں، ایک پیسہ بھی چترال کو نہیں دیا گیا، اپر ڈسٹرکٹ کے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> وائنڈاپ کریں۔

<u>جناب وزیرزادہ:</u> جناب سپیکر! ایک منٹ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: وائنڈاپ کریں، یہ ایک منٹ آپ کا کبھی ختم نہیں ہوگا، جی وائنڈاپ کریں۔

جناب وزیرزادہ: چترال کے لئے خاطر خواہ رقم رکھی گئی ہے، قبرستان کے لئے چترالیوں کے 1122اور ان۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو جی۔ جناب شوکت یوسفزئی صاحب!

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکرا! ما یو خبره کول غوښتل۔۔۔۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وافرادی قوت): جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خپل سپیچ خو کولې شی۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یو منټ جی، یو منټ، خپل سپیچ به نه کوی۔

وزیر محنت وافرادی قوت: جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: هغه خپل سپیچ نه کوی، ته خپل سپیچ او کړه جی۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: چې دا ټول سپیچز اوشی نو بیا دې جواب ورکړی کنه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خوشدل خان صاحب! تاسو هغه دغه نه مخکښې منډه وهئ، هغه خپل سپیچ کوی او تاسو مخکښې نه هر هغه کار کوئ لګیا یئ، تاسو سپیچ نه کوئ، هغه خبره غوئے حلال نه دے او خانکے تیار دے، که څنګه متل دے جی۔ شوکت یوسفزئی صاحب! سټارټ کړئ تاسو۔

وزیر محنت وافرادی قوت: زما یقین دے، ځومره سیر حاصل بحث چې اوشو، پکار خو دا وه چې مونږ په ضمنی بجټ ډیر بحث کړے وو خو دیکښې ډیر قومی ایشوز هم پکښې راغلل او ستاسو دې دغه ته سلام کوم، دې صبر و تحمل ته او بیا خپل د ټولو ممبرانو، دا وړومبے ځل دے چې که هغه جنرل بحث وو په بجټ باندې یا په ضمنی بجټ باندې بحث ډیر ښه انداز سره هر سړی د خپل د زړه بړاس هم اویستلو، وړومبی ځل باندې وزیرانو پکښې هم خبرې اوکړې او ممبرانو هم اوکړې، ټولو د یو بل خبرې واؤریدې، دا ښه خبره ده، دغه شان دغه چې وی نو ان شاءاللہ تعالیٰ زمونږه او ستاسو تعاون به جاری وی نو د اسمبلئ ماحول به هم ښه وی او دا صوبه به هم ترقی کوی۔ زما خو دا درخواست دے، زه زیاتې

خبرې نه کوم، دوه درې څیزونو باندې به راځم، یو خو دا ده چې دا بی بی خو لاړه، نګهت بی بی د جیلونو حوالې سره ئے خبرې اوکړې، زه صرف په هغې یو نکته کول غواړم چې تاسو ته که یاد وی یو کمیټی جوړه شوې وه، جیل ریفامز کمیټی، نن نه تقریباً دا 95-1994 کیدې شی دغه ته به یاد وی ډپټی سپیکر صاحب ته چې یو کمیټی جوړه شوې وه، قمر عباس صاحب پکښې هم وو، بیګم نسیم ولی صاحبه پکښې هم وه، دې وخت کښې که تاسو اوګورئ نو د جیلونو ریفارمز لازم شوی دی، جیلونو کښې چې کوم خلق اوسیږی، لکه ګنجائش نه زیات خلق دی، د هغوی هغه مینیو ته اوګورئ، ډیر څیزونه داسې دی پکار ده چې مونږ په هغې باندې دا ایوان ښه ټهیک ټهاک طریقې سره سوچ او فکر اوکړو او مونږ خپل د جیلونو ریفارمز په ښه طریقې سره اوشی او د دوئ په تعاون سره مونږ غواړو چې د اپوزیشن تعاون مونږ سره وی او د جیلونو ریفامز چې دی، دا مونږ غواړو او په دیکښې چې څومره د دې دغه وی چې کم از کم د انسانی حقوقو Violation نه کیږی۔ دویم جناب سپیکر! د بی آر ټی خبره اوشوه، اکثر زه په دې حیران یم چې دا زمونږ ملګری دی، دلته فګرز دوئ Quote کړل چې دا سو بلین ته لاړو، څوک وائی نوے بلین ته لاړو او څوک وائی چې اضافه اوشوه، څوک وائی کرپشن اوشو، زه صرف دا شے نن کلیئر کوم، غواړم چې په دې ایوان کښې د بی آر ټی ټوټل قیمت څه دے ؟ سر، دیکښې دوه څیزونه دی، یو بی آر ټی ده چې کوم لاهور کښې چې خلق وائی، دا بی آر ټی ده چې کوم د هغې یو سټیشن نه شروع کیږی، بل سټیشن ته به بی آرټی وائی، د دې ټوټل لاګت چې وو جناب سپیکر! دا انتیس ارب وو او بیا په دیکښې پونی تین کلومیټر اضافه اوشوه، پونی تین کلومیټر اضافې سره بیا اټهاسټه کلومیټر په دیکښې چې کوم فیډر روټس وو، د دې اضافه اوشوه، اټهاسټه کلومیټر هغه پونی تین کلومیټر نو تقریباً د دې اضافه ساړهے تین ارب پورې دا Estimate شوے دے، ساړهے تین ارب به دیکښې اضافه کیږی، دې سره باقی دیکښې دا ده چې په وړومبی ځل دا بی آر ټی چې د دې خپل بسونه دی-----

(مداخلت)

وزیر محنت وافرادی قوت: یو منټ صبر اوکړه، یا خپل، جناب سپیکر! دا طریقه نه ده، دا طریقه څکه نه ده، که دا ناجائزه ګڼړی نو دا طریقه نه ده پلیز۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میډم! مینځ کښې Interruption مه کوه، دا د ماشومانو په رنګ حرکتونه تاسو مه کوئ، تاسو آنریبل ایم پی ایز یئ، د ماشو مانو په رنګ حرکتونه کوئ۔

وزیر محنت وافرادی قوت: مونږه هم یو، تاسو ته پته ده چې د شوګر مریض یم، دومره وخت پورې مو انتظار اوکړو نو مهربانی اوکړه د هر سړی خبره اوره۔ جناب سپیکر، دې وخت کښې بسونه په لاهور کښې اوس هم Rented دی، دا چې دوئ کوم یاده وی چې دا ستر ارب ته لاړو، زه اوس هم تاسو ته دا وایم، ستر ارب دی که سو ارب یاد وی، دا ان شاءالله ټوټل چې دیکښې دا بسونه شامل شی، دا په لاهور کښې نشته لیکن لاهور بی آر ټی چې ده، دا نن نه اووه اته کاله مخکښې جوړه شوې ده، بتیس کلومیټر ده او ټوټل لاګت د هغې راغلے دے چونتیس ارب، هغه وخت کښې دا تیار شوه، زمونږه په هغې راغلی دی اوس سات سال بعد بتیس ارب او دا بتیس کلومیټر ده، دا هم بتیس کلومیټر ده، زه د بی آر ټی خبره کوم، باقی څه دی، باقی زمونږ کمرشل پلازې دی، ډیپوز دی، بسونه دی، دا هغلته نشته، دا تاسو کنفرم کړئ نو دا بل چې اټهاسټھ کلومیټر فیډر روټس مونږه اچولی دی، ساړھے تیره کلومیټر Elevated دے، دا هغلته نشته، ساړھے تین کلومیټر Underpasses دی، دا هغلته نشته، دومره مهربانی اوکړئ چې کله خبره کوئ، که دا ایوان دے، دا خلق ئے اوری، دا عوامی منصوبه ده، ډیره غټه منصوبه ده او دا هم تاسو ته خوشخبری درکوم چې د دې دوه پورشنې چې دی، One او Two دا Already hand over شو او دریم چې دے ان شاءاللہ تعالیٰ دې Next week پورې به هغه هم Hand over شی، دا تاسو ته زه خوشخبری درکوم او تاسو ته دعوت هم درکوم که تاسو غواړئ د دې څنګه چې دا سیشن ختم شی جناب سپیکر! چونکه هغلته Testing service شروع شو، د ډرائیورانو ټریننګ شروع شو، چې څنګه د هغوی هفته دوه لګی، د ډرائیورانو ټریننګ پوره کیږی، زه تاسو ته دعوت درکوم چې راشئ که تاسو هر څومره وایئ نو زه یقین سره وایم چې دا به زیاتیږی، ځکه چې د صوبې هر څه واضحه دی، که دیکښې

چاته څه دغه ښکاری، زه حاضر یم، دا زمونږه دغه چې دے، ټرانسپورټ منسټر حاضر دے، زمونږ چې کوم Executing agency ده، پی ډی اے هغه حاضره ده، تاسو ته یو یو فکر درکولو ته تیار یو، برائے مهربانی بغیر د تحقیق نه الزام تراشی یا صرف دا وئیل چې دا خو کرپشن شو، دلته مونږ به تاسو ته د یو یو څیز حساب درکولو ته تیار یو او دا هم درته وایو چې مهربانی اوکړئ لږ هغه معلومات اوکړئ چې تاسو د لاهور بی آر ټی مونږ سره Compare کړئ، د لاهور د بی آر ټی خپل بسونه نشته، هغه ټول Rented بسونو باندې چلیږی، د هغوی دومره دغه چې دے، کنسټرکشن ئے نشته لیکن زه بیا هم تاسو ته دا وایم چې ان شاء الله تعالیٰ څنګه چې دا بجټ ختم شی، ټولو ته دعوت ورکوم چې A to Z یو سر نه به ئے شروع کوؤ بل سر ته به ځو، تاسو ته به ئے ښائم چې بی آر ټی کمپلیټ ده ان شاء الله تعالیٰ او ډیر زر به مونږ د عوامو د پاره دا کهلاؤ کړو۔ دې نه علاوه د مزدورانو خبرې هم اوشوې، زه چونکه د لیبر منسټر یم، پخپله مونږه ان شاء الله یو څو فیصلې کړې دی خو زه به بل وخت کښې د هغې دغه اوکړم خو Simple دا چې اوقات کار او د هغې چې Minimum wages دی په دې به Compromise نه کوؤ، که هغه سرکاری پراجیکټس وی، هغې ته هم اوس شوکاز نوټسې روانې دی او که هغه پرائیویټ ادارې دی، د ساړھے ستره سو نه به کم یو مزدور هم نه اخلی ان شاء الله تعالیٰ او که هغه هره اداره ده۔ دریم جناب سپیکر! یو د هاؤسنګ سوسائټیانو حوالې سره خبره اوشوه، دا چونکه زمونږه Already ضرورت ډیر زیات کم دے، په دې صوبه کښې اکثر په مونږه Depend کوی، په پنجاب باندې اکثر او کله چې هغه پابندی اولګوی او دا پابندی دا نه ده چې نن زمونږ په دغه کښې لګیدلې ده، په هر دور کښې لګیدلې ده او چې کله هغه پابندی اولګوی بیا صوبه پخپله جوګه نه وی، دې وجې نه زما خپل خیال دا دے چې کوم هلته نه خبره اوشوه د هاؤسنګ سوسائټیانو، زه خپله د دې Favour کښې نه یم ځکه چې دا زما خپل خیال دے دا دوه څیزونه دا تباه کوی، یو ئے Environment هم تباه کړو او زراعت ئے هم تباه کړو، نو زه دې ایوان ته او زمونږ د حکومت د خوا نه دا یقین دهانی ورکول غواړم چې په دې به قانون سازی کوؤ ان شاء الله او ستاسو سره مل کر به ئے کوؤ، کم از کم دا

هاؤسنگ سوسائټیانې چې کوم یو مشهور گروپ شروع دے، کوم ځائے کښې ایګریکلچر لینډ دے، کم از کم هلته خو ئے نه پریږدو، دا تاسو ته زما دغه دے، باقی دلته د اے جی این قاضی فارمولې خبره اوشوه، د صوبې د نیټ پرافټ خبره اوشوه نو هیڅ قسمه Compromise به نه وی، وزیر اعلیٰ محمود خان تیر شوې ورځ بیا میټینګ کړے دے، وزیر اعلیٰ، وزیر اعظم صاحب ته او هغه که د هغه طرف نه کله انکار اوشو بیا به بالکل مونږ تاسو سره ولاړ یو خو چونکه دا مشکلات دی، دا Covid-19 چې کوم مشکلات پیدا کړی دی، پوره دنیا کښې ئے پیدا کړی دی، دا صرف پاکستان نه دے، زه اوس هم دا ګنړم چې ډیر ښیزونه داسې دی چې دا کوم بجټ ئے پیش کړے دے، دا کوم مشکل بجټ دے، زه وایم د دې نه نور ښه بجټ کیدې هم نه شو، کوم مشکلات مونږ ته دی، مونږ ته پته ده، الله ته پته ده، بیا اخر چې کوم فاټا ده، دوستانو خبرې اوکړې، گوره دوئ اکثر دا وائی چې زمونږه انضمام اوشو، مونږ څه تبدیلی اولیده؟ جناب سپیکر! دا انضمام خو اوس اوشو، اوسه پورې دا فیډرل ایډمنسټریټیو ایریا وه، فیډرل ایډمنسټریټیو، د دې ذمه دار څوک دی؟ دا صوبه ده؟ د دې نه مخکښې وفاقی حکومتونه تیر شوی دی، پکار ده چې که حساب کتاب کوی نو بیا خو دې د هغه سر نه شروع کړی ځکه که سکول نشته، کالج نشته، زه ئے هم منم چې نشته، سړکونه نشته، اوبه نشته، فاټا د مشکلاتو سره مخ ده نو د دې ذمه دار څوک دی؟ اوس دا د انضمام څومره مشکلات مونږ ته پیدا شو، څومره مشکل سره مونږه انضمام اوکړو جناب سپیکر! مونږه تقریباً یو کال په انضمام کښې اولګولو، دا تبدیلی نه ده، نن لیوی خاصه دار چې دی هغه فل د پاکستان ملازمین دی، هغوی ته فل تنخواه ملاویږی او ان شاء الله تعالیٰ سینتیس ارب تیر شوی کال چې دے د هغې منصوبې شروع شوې دی او دې کال تقریباً ایک سو اسی ارب نه زیات د هغې بجټ دغه شوے دے۔ جناب سپیکر! ظاهره خبره ده چې کله منصوبه بندی کیږی، هغې کښې ټائم لګی هغه داسې نه وی چې یو دم راغلو او پیسې ئے مونږ اویستلې، نن د الله فضل سره دا ټولو نه غټه تبدیلی ده چې د فاټا خلق راځی، دې اسمبلئ کښې کښینی او خپل د حقوقو آواز اوچتوی، د دې نه بل غټه تبدیلی کوم ځائے ده؟ دغه مونږه هم دغه کوؤ، دوئ به هم دا

خبره کوی (تالیاں) ان شاء اللہ تعالیٰ زما خپل دغه دا دے، ما سره دوه دري نور هم پوائنټس دی خو چونکه ما تاسو ته اووئیل چې د شوګر مریض یم، زما خپل دغه Down کیږی لګیا دے نو زه معذرت غواړم او ډیر ښه ډیبیټ اوشو، زه مشکور یم، اپوزیشن ډیر ښه طریقې سره دوئ ډیبیټ اوکړو او خپلې خپلې خبرې ئے اوکړې، ظاهره خبره ده ټولې مسئلې نه حل کیږی په یو ځائے لیکن دا ده چې کم از کم ښوک چې دلته نمائندګی کوی، هغه ته دا حق حاصل دے چې هغه خپله خبره خپلې حلقې ته هم اورسوی او دلته ئے هم اورسوی۔ ډیره مهربانی، ډیره شکریه۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: زه د خپل طرف نه هم د اپوزیشن او د پارلیمانی لیډرز یعنی د ټولو پارټو چې کوم دی، د اپوزیشن والا ممبرانو هم شکریه ادا کوم چې کوم Smooth طریقې سره دا سیشن اوچلیدو تر ننه پورې، زه د هغوی شکریه ادا کوم Personally، ښنګه چې بابک صاحب هم خپل سپیچ کښې اووئیل او نورو ایم پی اے صاحبانو هم اووئیل چې خیبر پښتونخوا نه چې کوم بجټ سیشن ښومره ښه طریقې سره اوشو نورو صوبو کښې پکښې ډیر مشکلات راغلل، ډیرو خپلو کښې بحثونه پکښې اوشو نو زه خپل طرف نه هم د دوئ ډیره شکریه ادا کوم جی۔

The session is adjourned till 2:00 p.m., afternoon, Saturday 27th June, tomorrow.

(اجلاس بروز ہفتہ مورخہ 27 جون 2020ء دوپہر دو بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)